آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com
MEMBER OF APNS & CPNE

جلد نمبر 35 | بروز بدھ 25 جنوری 2023ء بمطابق 2 رجب المرجب 1444ھ | شمارہ نمبر 21

صوبے بھر میں نئے اسکول کالجز اور یونیورسٹیوں کے سب کیمپس قائم کیے جارہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبے کی جامعات کو گرانٹ ان ایڈ کی مد میں 2.5 ارب روپے کا اجراء کیا گیا ہے جبکہ کے اساتذہ کے ٹائم اسکیل اور اپ گریڈیشن کے مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے

صوبے کی جامعات کو گرانٹ ان ایڈ کی مد میں 2.5 ارب روپے کا اجراء، گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن پراجیکٹ کے 1493 کانٹریکٹ اساتذہ کو مستقلی کے آرڈرز بھی جاری کیے ہیں، میر عبدالقدوس بزنجو

کہ عصر حاضر میں صوبے اور قومی ترقی کا انحصار تعلیم پر ہے اور اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے تعلیم کو اولین ترجیح میں رکھا ہے اور تعلیم سے ہی ہم دنیا میں اپنی قومی تشخص کو اجاگر کر سکتے ہیں صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ قوموں کی تعمیر و ترقی میں تعلیم کا کردار کلیدی ہے فلاحی مملکت کی تشکیل کے لئے تعلیم کا حصول ناگزیر ہے عالمی یوم تعلیم کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت تعلیم دوست اقدامات کر رہی ہے صوبہ بھر میں نئے اسکول کالجز اور یونیورسٹیوں کے سب کیمپسز قائم کیے جا رہے ہیں اور صوبے کی جامعات کو گرانٹ ان ایڈ کی مد میں 2.5 ارب روپے کا اجراء کیا گیا ہے جبکہ کے اساتذہ کے ٹائم اسکیل اور اپ گریڈیشن کے مسائل بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

اسلام آباد، وزیراعظم میاں شہباز شریف وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگری لونز کے اجراء تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

IMF کو نواں جائزہ مکمل کرنے کا پیغام دے دیا ہے، وزیراعظم

ہمیں دائیں اور بائیں سے واضح پیغام دیا گیا ہے ہم پاکستان کے ساتھ ہیں اور پاکستان کے عوام کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، آئی ایم ایف کے ساتھ اپنا پروگرام مکمل کریں

2013 میں وزیراعظم نوازشریف کی نگرانی میں 54 ہزار نوجوانوں کو لیپ ٹاپس فراہم کئے گئے، اس سے صرف ملک کے نوجوانوں کو نہیں بلکہ معیشت کو بھی فائدہ پہنچا، ماضی میں ہم پر تنقید ہوتی رہی کہ یہ سیاسی رشوت ہے

وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگری لونز کے اجراء سے نوجوانوں کو بااختیار بنانے میں مدد ملے گی، نوجوانوں کے لیے کاروباری اور زرعی قرضوں کے پروگرام کے افتتاح کے بعد تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہم نے عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) کو پیغام دیا ہے کہ ہم آپ کے ساتھ نواں جائزہ مکمل کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں دائیں اور بائیں سے واضح پیغام دیا گیا ہے ہم پاکستان کے ساتھ ہیں اور پاکستان کے عوام کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے لیکن آئی ایم ایف کے ساتھ اپنا پروگرام مکمل کریں، پاکستان کو بچانے کیلئے سیاست کو قربان کرنا ہوگا، ڈنکے کی چوٹ پر اعلان کرنا چاہتا ہوں مسلم لیگ ن اور اتحادی حکومت اپنی ساری سیاسی کمائی پاکستان اور ریاست پر قربان کردے گی، ملک کو مشکلات سے نکالیں گے، پاکستان کے کروڑوں نوجوان ملک کو مسائل سے نکالنے کی پوری اہلیت رکھتے ہیں، نوجوانوں کے ساتھ مل کر پاکستان کو عظیم بنائیں گے، وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگری لونز کے اجراء سے نوجوانوں کو بااختیار بنانے بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

دریجی میں پانی کی فراہمی کیلئے 40 چھوٹے بڑے ڈیم بنائے گئے ہیں، اسلم بھوتانی

عوام نے ارکان اسمبلی کو انکے مسائل کو حل کرنے کے لئے پارلیمنٹ میں منتخب کرکے بھیجا ہے لیکن سیاستدان اپنی انا میں دست و گریباں ہوگئے ہیں، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے کہا ہے کہ عوام نے ارکان اسمبلی کو انکے مسائل کو حل کرنے کے لئے پارلیمنٹ میں منتخب کرکے بھیجا ہے لیکن سیاستدان اپنی انا میں دست و گریباں ہوگئے ہیں، ہمیں عوام کی تکالیف کا ازالہ کرنے کی ضرورت ہے، دریجی میں ڈیمز، سڑکیں، بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور کے ماحولیاتی نمونہ میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، عبدالقادر پٹیل

گلشن راوی میں پائے جانے والے وائرس کا تعلق ننگرہار افغانستان میں پائے جانیوالے پولیو وائرس سے ہے، وزیر صحت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ لاہور کے ماحولیاتی نمونہ میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ وزیر صحت عبدالقادر پٹیل کے مطابق 2023 میں پہلی بار لاہور کے ماحولیاتی نمونے میں وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور سے پولیو کا آخری کیس بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

وزارت توانائی کا ملک بھر کے تمام گرڈ اسٹیشنوں پر بجلی بحال کرنے کا دعویٰ

ملک بھر میں این ٹی ڈی سی کے 1112 گرڈ اسٹیشنز پر بجلی بحال، بجلی کی موجودہ پیداوار 9 ہزار 704 میگاواٹ ہے، وزارت توانائی

اسلام آباد (این این آئی) وزارت توانائی نے ملک بھر کے تمام گرڈ اسٹیشنوں پر بجلی بحال کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ وزارت توانائی کے مطابق ملک بھر میں این ٹی ڈی سی کے 1112 گرڈ اسٹیشنز پر بجلی بحال کردی گئی، بجلی کی موجودہ پیداوار 9 ہزار 704 میگاواٹ ہے۔ وزارت توانائی کے بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

لیویز تھانہ باریچہ کے علاقے میں نامعلوم ڈاکوؤں کی فائرنگ سے لیویز سپاہی شہید جوابی فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) لیویز تھانہ باریچہ کے علاقے میں نامعلوم ڈاکوؤں کی فائرنگ سے لیویز سپاہی شہید جوابی فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

ملک گیر سطح پر بجلی کی بحالی کے بعد صوبہ بلوچستان کو بھی بجلی کی فراہمی بحال ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ ملک گیر سطح پر بجلی کی بحالی کے بعد صوبہ بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

محکمہ داخلہ وقبائلی امور حکومت بلوچستان نے تربت میں 2 ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ کردی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ داخلہ و قبائلی امور حکومت بلوچستان نے تربت میں 2 ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ کردی، محکمہ داخلہ وقبائلی بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

رڑکن کے علاقے میں لیویز نے قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) رڑکن کے علاقے میں لیویز نے قتل کے مقدمے میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق لیویز تھانہ رڑکن بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

اپنی حکومت کی جانب سے بجلی کی بندش کی وجہ سے شہریوں کو پہنچنے والی تکلیف پر معذرت خواہ ہوں، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک بھر میں تاریخی پاور بریک ڈاؤن کے بعد شہریوں کو درپیش مشکلات پر افسوس کا بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

پاکستان میں 60 لاکھ افراد بھوک و افلاس کا سامنا کر رہے ہیں، عالمی بینک نے رپورٹ جاری کردی

اسلام آباد (این این آئی) سیلاب کے باعث سب سے زیادہ نقصان سندھ اور بلوچستان میں ہوا تھا، سیلاب کے بعد ملک بھر میں کھانے بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وزیرخارجہ بلاول بھٹو زرداری کے غیرملکی دوروں کے ثمرات پاکستان کو مل رہے ہیں، ساجد حسین طوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی، ساجد حسین طوری نے کہا ہے کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اوگرا نے ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قلت کی خبروں کو مسترد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قلت سے متعلق قیاس آرائیوں کی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

وزیرخزانہ کی قطری ہم منصب سے ملاقات، تجارت، ٹیکنالوجی، زراعت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

دوحہ (این این آئی) وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے قطر میں اپنے ہم منصب علی بن احمد الکواری سے ملاقات کی جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی محمد جہانزیب خان اور قطر میں پاکستان بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

دوحہ، وزیرخزانہ اسحاق ڈار قطر میں اپنے ہم منصب علی بن احمد الکواری سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام انتخابی شیڈول کے جاری ہونے سے پہلے انتخابی فہرستوں میں اپنا اندراج یقینی بنائیں، صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان فیاض حسین مراد

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان فیاض حسین مراد نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام انتخابی شیڈول کے جاری ہونے سے پہلے انتخابی فہرستوں میں اپنا اندراج یقینی بنائیں۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان عوام الناس اور انتخابات میں حصہ لینے والے خواہشمند امیدواروں کو آگاہ کرتا ہے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کابینہ کا بجلی کے تعطل جیسے واقعات کے تدارک کے لئے جامع حکمت عملی کی تیاری کا حکم

توانائی کی بچت کی عادتیں اپنانے کیلئے اپنی نوعیت کی پہلی ملک گیر عوامی آگہی مہم کی منظوری دیدی گئی

وزیراعظم محمد شہباز شریف کا بجلی کے تعطل پر شدید برہمی کا اظہار، عوام اور کاروباری برادری کی پریشانی کا باعث بننے والوں کا تعین کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے بجلی کے تعطل جیسے واقعات کے تدارک کے لئے جامع حکمت عملی کی تیاری کا حکم دیتے ہوئے توانائی کی بچت کی عادتیں اپنانے کیلئے اپنی نوعیت کی پہلی ملک گیر عوامی آگہی مہم کی منظوری دیدی، توانائی کی بچت کی عادتوں کو عام اور عالمی سطح پر رائج طریقوں کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائے گا جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بجلی کے تعطل پر شدید برہمی کا اظہار، عوام اور کاروباری برادری کی پریشانی کا باعث بننے والوں کا تعین کرنے کی ہدایت کی ہے کہ وزارت بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی اراکین کو چیف جسٹس سے ملاقات کی اجازت نہ مل سکی

رجسٹرار سپریم کورٹ نے بھی اراکین سے ملاقات کے لئے انکار کردیا، نجی ٹی وی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اراکین کو چیف جسٹس آف پاکستان سے ملاقات کی اجازت نہ مل سکی۔ نجی ٹی وی کے مطابق منگل کو تحریک انصاف کے اراکین چیف جسٹس عمر عطا بندیال سے ملاقات کیلئے سپریم کورٹ آئے لیکن انہیں ملاقات کی اجازت نہ مل سکی۔ بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسپیکر قومی اسمبلی نے PTI کے مزید 43 ارکان کے استعفے منظور کر لیے

قومی اسمبلی میں تحریک انصاف کے ٹکٹ پر منتخب ہونے والے اب صرف منحرف ارکان ہی باقی بچے ہیں، رپورٹ

اسپیکر 22 جنوری کو 43 اراکین کے استعفے منظور کرکے الیکشن کمیشن کو بھجوا دیئے تھے، 23 جنوری کو ای میل اور واٹس ایپ درخواستیں خلاف ضابطہ تھیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے تحریک انصاف کے مزید 43 ارکان کے استعفے منظور کرلیے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی راجا پرویز اشرف نے پی ٹی آئی کے مزید 43 ارکان کے استعفے منظور کیے ہیں۔ ذرائع کے مطابق استعفے اسپیکر قومی اسمبلی نے چند دن قبل منظوری کے لیے الیکشن کمیشن کو بھجوائے تھے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر نے 43 ارکان کے استعفے منظوری کی سمری الیکشن کمیشن کو بھجوادی ہے جو الیکشن کمیشن کو موصول بھی ہوگئی ہے۔ قومی اسمبلی میں تحریک انصاف کے بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

تعلیم کا فروغ پائیدار ترقی اور امن کی ضمانت ہے، بلاول

1973ء کا آئین تمام بچوں کو تعلیم کی یکساں سہولیات تک رسائی ان کا بنیادی حق ہے

22 ملین سے زائد پاکستانی بچوں کا اسکول نہ جانا پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ اور چیلنج ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ تعلیم کا فروغ پائیدار ترقی اور امن کی ضمانت ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق پی پی پی چیئرمین نے تعلیم کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں ارض پاک میں فروغ تعلیم کے لیے اپنا کردار ادا کرنے والے تمام اساتذہ اور شخصیات کو سلام پیش کیا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ 22 ملین سے زائد پاکستانی بچوں کا اسکول نہ جانا پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ اور چیلنج ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ دنیا کے شانہ بشانہ کھڑا ہونے کے لیے، ہمارے بچوں کو صرف تعلیم نہیں بلکہ معیاری تعلیم کی ضرورت ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ معیاری تعلیم کے حصول میں حائل رکاوٹوں کو ٹھوس بنیادوں پر ختم کرنا ہوگا اور بطور قوم ہمیں اپنے بچوں اور نوجوانوں میں سائنس بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں گیس لیکیج کے باعث دم گھٹنے سے باپ اور 3 بیٹے جاں بحق

50 سالہ امان اللہ اس کے 3 بیٹے 26 سالہ حفیظ اللہ، 22 سالہ محب اللہ، 30 سالہ قاری حبیب اللہ دم گھٹنے سے جاں بحق ہوگئے

ہر سال موسم سرما میں شدید سردی کے دوران گیس کے باعث دم گھٹنے اور گیس دھماکوں سے درجنوں افراد لقمہ اجل بننے کے علاوہ درجنوں شہری زخمی ہوچکے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سلنڈر سے گیس لیک ہونے کے باعث باپ بیٹوں سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ میں شدید سردی کے باعث قلی کالونی جان محمد روڈ پر رہائش پذیر امان اللہ اپنے بچوں کے ہمراہ سردی سے بچنے کے لئے ہیٹر جلا کر سوگیا ایل پی جی گیس سلنڈر سے گیس لیک ہونے کے باعث 50 سالہ امان اللہ اس کے 3 بیٹے 26 سالہ حفیظ اللہ، 22 سالہ محب اللہ، 30 سالہ قاری حبیب اللہ دم گھٹنے سے جاں بحق ہوگئے نعشوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں پر نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردی گئیں۔ گیس کے باعث دم گھٹنے سے ایک ہی گھر کے باپ بیٹوں سمیت جاں بحق ہونے والے تاجر تھے۔ یاد رہے کہ کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں ہر سال موسم سرما میں شدید سردی کے دوران گیس کے باعث دم گھٹنے اور گیس دھماکوں سے درجنوں افراد لقمہ اجل بننے کے علاوہ درجنوں شہری زخمی ہوچکے ہیں۔ یاد رہے کہ سوئی سدرن گیس کی جانب سے شہریوں میں شعور اجاگر کرنے بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سخت سردی کا راج، درجہ حرارت منفی 17.8 سینٹی گریڈ تک گرگیا

بلوچستان میں شدید موسم کے باعث پاک افغان بالائی سرحدی علاقوں میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس معطل

کوئٹہ (این این آئی) شمالی بلوچستان میں سخت سردی کا راج منگل کو بھی جاری، زیارت میں درجہ حرارت منفی 17.8 سینٹی گریڈ تک گرگیا۔ بلوچستان کے پشین، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ سمیت چمن اور زیارت کے بالائی علاقوں کی رابطہ سڑکیں بند ہوگئیں، رابطہ سڑکیں بند ہونے سے خوراک، ادویات کی قلت پیدا ہوگئی۔ بلوچستان میں شدید موسم کے باعث پاک افغان بالائی سرحدی علاقوں میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس معطل ہوگئی۔ دوسری جانب پنجاب اور سندھ میں بھی سردی کی شدت برقرار ہے کراچی میں صبح سویرے یخ بستہ ہوائیں چلنے لگیں۔

عمران، اسد اور فواد حاضری سے کب تک استثنیٰ لیں گے؟ الیکشن کمیشن

ہم وارنٹ نکالیں تو ہائیکورٹ معطل کرتا اور کہتا کارروائی جاری رکھیں، ہم نے کیا فریم چارج ہونے ہیں اس لیے پیش ہوں

فرخ حبیب کا الیکشن کمیشن کے خلاف کیس ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے، آپ نہیں آتے تو ہم 512 کی کارروائی شروع کریں گے، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن کے ممبر نے کہا ہے کہ عمران خان، اسد عمر اور فواد چوہدری حاضری سے کب تک استثنیٰ لیں گے؟ منگل کو الیکشن کمیشن میں توہین الیکشن کمیشن اور چیف الیکشن کمشنر کے کیس کی سماعت ہوئی۔ الیکشن کمیشن کے ممبر نثار درانی کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ پی ٹی آئی وکیل نوید انجم نے الیکشن کمیشن میں پیش ہوکر کہا کہ فرخ حبیب کا الیکشن کمیشن کے خلاف کیس بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

50 ہزار روپے یومیہ کی بینکنگ ٹرانزیکشن پر ودہولڈنگ ٹیکس لگانے کی تیاریاں

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کیلئے وزارت خزانہ میں ٹیکس تجاویز پر کام جاری ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق قرض پروگرام کے حوالے سے آئی ایم ایف کی شرائط پوری کرنے کیلئے ٹیکس تجاویز پر کام جاری ہے۔ نان فائلرز کی بینکنگ ٹرانزیکشن پر ودہولڈنگ ٹیکس عائد کرنے کی تجویز پر غور کیا جارہا ہے۔ تجویز کے تحت یومیہ بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

لندن، سابق وزیراعظم میاں محمد نوازشریف سے سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو، وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ بھی موجود ہیں

صدر مملکت نے وفاقی اردو یونیورسٹی کے 4 سینیٹ ممبران کی منظوری دیدی، تعیناتیاں آئین کے آرٹیکل 48 ون کے تحت کی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے وفاقی اردو یونیورسٹی کے 4 سینیٹ ممبران کی تعیناتی کی منظوری دیدی۔ صدر نے تعیناتیاں آئین کے آرٹیکل 48 ایک، رولز آف بزنس اور یونیورسٹی کے آرڈیننس کے تحت کی ہیں۔ سوسائٹی سے شاہد شفیق کو بطور سینیٹ ممبر فیڈرل اردو یونیورسٹی تعینات کیا گیا ہے۔ تدریسی شعبے سے بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک کی معاشی صورتحال کے ذمہ دار موجودہ حکمران ہیں، حکومت ہر شعبہ میں ناکام ہوچکی ہے، شاہ محمود قریشی

8 ماہ میں حکومت کی کارکردگی قوم کے سامنے ہے، ایسی کیا کارکردگی دکھائی جو قوم ان پر اعتماد کرے، گزشتہ روز بجلی کا بریک ڈاؤن ہوا

اربوں روپے کا نقصان ہوا، حکومت نے خاموش تماشائی کا کردار ادا کیا، حکومت سے فیصلے کرنا مشکل ہو رہا ہے، سابق وزیر خارجہ

ملتان (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی صورتحال کے ذمہ دار موجودہ حکمران ہیں، حکومت ہر شعبہ میں ناکام ہوچکی ہے، 8 ماہ میں حکومت کی کارکردگی قوم کے سامنے ہے، ایسی کیا کارکردگی دکھائی جو قوم ان پر اعتماد کرے، گزشتہ روز بجلی کا بریک ڈاؤن ہوا، اربوں روپے کا نقصان ہوا، حکومت نے خاموش تماشائی کا کردار ادا کیا، حکومت سے فیصلے کرنا مشکل ہو رہا ہے، ملکی معیشت کی حالت بگڑتی جاری ہے، تجارت نہیں ہو رہی، بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

آئندہ وزارت عظمیٰ کے امیدوار نواز شریف خود یا جسے وہ چاہیں گے وہ ہوگا، وزیر داخلہ

عمران خان کو 25 مئی کو گرفتار ہو جانا چاہئے تھا، میں نے کابینہ سے اجازت مانگی تھی جو نہ ملی

پروجیکٹ عمران خان میں 5 لوگوں کا نام فائنل ہوگیا ہے جنہیں عوام کے سامنے لایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ آئندہ الیکشن میں وزارت عظمیٰ کے امیدوار نواز شریف خود یا جسے وہ چاہیں گے وہ ہوگا، عمران خان کو 25 مئی کو گرفتار ہو جانا چاہئے تھا، میں نے کابینہ سے اجازت مانگی تھی جو نہ ملی، پروجیکٹ عمران خان میں 5 لوگوں کا نام فائنل ہوگیا ہے جنہیں عوام کے سامنے لایا جائے گا۔ لندن سے اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ کل الیکشن کرالیں لیکن عمران خان نتائج تسلیم نہیں کریگا، عمران خان کہتا ہے مجھے اقتدار ملے تو پاکستان پر ایٹم بم گرا دو، اگر یہ اقتدار میں آ گیا تو ملک کا بھٹہ بٹھا دے گا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ آئندہ الیکشن میں وزارت عظمیٰ کے امیدوار نواز شریف خود یا جسے وہ چاہیں گے وہ ہوگا۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کو 25 مئی کو گرفتار ہو جانا چاہئے تھا، میں نے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

امریکا کا پاکستان اور بھارت کو مذاکرات کرنے کا مشورہ

پاکستان میں توانائی بحران سے آگاہ، تعاون چاہیے تو کریں گے، ترجمان محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے پاکستان اور بھارت کو مذاکرات کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت میں مذاکرات کی حوصلہ افزائی کریں گے، پاکستان اور بھارت کے ساتھ تعلقات کی الگ الگ نوعیت ہے، امریکا پاکستان کی مدد جاری رکھے گا، پاکستان میں توانائی بحران سے آگاہ ہیں اور سلسلے میں تعاون چاہیے تو کریں گے۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نیڈ پرائس نے واشنگٹن میں نیوز بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہمارا اہم شراکت دار، ہمارے بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ذہنی صحت کی خدمات کو آبادی تک پہنچانے کو توجہ اور اہمیت دی جارہی ہے، صدر مملکت

برطانیہ میں پاکستانی نژاد 2000 کے قریب ماہر نفسیات موجود ہیں جنہیں سسٹم میں شامل کیا جاسکتا ہے، عارف علوی

دماغی صحت کے حوالے سے وزیراعظم آفس، وزارت منصوبہ بندی وترقی اور خصوصی اقدامات اور ایوان صدر کے اقدامات کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ ذہنی صحت کی خدمات کو آبادی تک پہنچانے کو توجہ اور اہمیت دی جارہی ہے، دماغی صحت کے حوالے سے وزیراعظم آفس، وزارت منصوبہ بندی وترقی اور خصوصی اقدامات اور ایوان صدر کے اقدامات کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی زیر صدارت دماغی صحت سے متعلق فالو اپ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ دماغی صحت کے حوالے سے وزیراعظم آفس، وزارت منصوبہ بندی وترقی اور خصوصی اقدامات اور ایوان صدر کے اقدامات کو یکجا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک موثر مصنوعی ذہانت پر مبنی ہیلپ لائن تیار کرکے ملک بھر کی زیادہ سے زیادہ آبادی کو ذہنی صحت کے مسائل کے بارے میں مشاورت فراہم کی جا سکتی ہے۔ صدر مملکت نے کہا بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

وفاقی کابینہ نے توشہ خانہ کی تفصیلات پبلک کرنے کی منظوری دیدی

وزیراعظم کی زیرصدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس، 4 نکاتی ایجنڈے پر غور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے توشہ خانہ کی تفصیلات پبلک کرنے کی منظوری دیدی۔ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی دارالحکومت میں کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں 4 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں کابینہ نے توشہ خانہ کے حوالے سے بین الوزارتی کمیٹی کی رپورٹ کا جائزہ لیا، کابینہ ڈویژن نے توشہ خانہ کے حوالے سے نئی پالیسی پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف نے معاون خصوصی فہد ہارون کو پبلک کمیونیکیشن اور ڈیجیٹل بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

وندر شہر میں غیرقانونی تجاوزات لگانے والوں کے لئے آخری وارننگ جاری کردی گئی

وندر (آن لائن) وندر شہر میں غیرقانونی تجاوزات لگانے والوں کے لئے آخری وارننگ جاری کردی گئی بصورت دیگر ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اسسٹنٹ کمشنر وندر سلمان علی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی وندر عنایت اللہ راہی، ٹاؤن ڈیولپمنٹ آفیسر عبدالمجید انگاریہ نے لیویز فورس بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

گھوٹکی، پولیس کی کچے کے علاقے میں کارروائی، 16 ڈاکو ہلاک

کچے میں کارروائی کے دوران 16 مغویوں کو بازیاب کرایا گیا ہے، سندھ پنجاب چیک پوسٹ پر 66 افراد کو اغوا ہونے سے بچالیا گیا، پولیس

گھوٹکی (این این آئی) اغوا برائے تاوان کی وارداتوں کیخلاف پولیس کی کارروائی میں 16 ڈاکو مارے گئے۔ ڈی پی او اختر فاروق کے مطابق کچے میں کارروائی کے دوران 16 مغویوں کو بازیاب کرایا گیا ہے جب کہ سندھ پنجاب چیک پوسٹ پر 66 افراد کو اغوا ہونے سے بچالیا گیا، دوسری جانب کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں سے نمٹنے کیلئے سندھ حکومت نے پاکستان آرڈیننس فیکٹری سے پولیس کیلئے جدید ہتھیار خریدنے کیلئے رجوع کیا ہے۔ ہتھیاروں میں ڈرون، بکتر بند اور فائر پاور والے ہتھیار شامل ہوں گے بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ضلعی انتظامیہ کی گرانفروشوں وتجاوزات کیخلاف کارروائی 13 افراد گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ کی خصوصی ہدایت پر سریاب سب ڈویژن میں ضلعی انتظامیہ نے گرانفروشوں وتجاوزات کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 13 افراد گرفتار کرکے جیل بھجوادیا یہ کارروائیاں گزشتہ روز اسپیشل مجسٹریٹ سریاب مسعود بگٹی کی زیر نگرانی مختلف علاقوں بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پنجاب میں متنازعہ ترین افسروں کو تعینات کیا جارہا ہے، چوہدری پرویز الٰہی

پی ٹی آئی مخالف شہرت رکھنے والے آفیسرز کو اہم عہدوں پر تعینات کیا جارہا ہے، سابق وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اور سابق اسپیکر پنجاب اسمبلی سبطین خان کے درمیان مشاورتی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں ایڈووکیٹ جنرل احمد اویس، ایڈووکیٹ عامر سعید راں اور ایڈووکیٹ امداد حسین چانڈیو بھی شریک ہوئے۔ ملاقات کے دوران موجودہ ملکی صورتحال سمیت دیگر سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس کے علاوہ پنجاب میں نگران سیٹ اپ میں بڑے پیمانے پر پولیس اور بیوروکریسی کی اکھاڑ پچھاڑ کی مذمت کی گئی۔ اس موقع پر چوہدری پرویز الٰہی نے کہا بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ مولانا عبدالواسع حاجی علی احمد کی رہائش گاہ پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

پنجاب میں بغیر دولہے کے دلہنیں آگئیں، ملک خانہ جنگی کی طرف جارہا ہے، شیخ رشید

24 کروڑ کا ملک در بدر ہو رہا ہو اور اس کا کوئی پرسان حال نہ ہو، ملک میں معاشی تباہی ہے ریزرو 4 بلین سے بھی نیچے چلے گئے ہیں

13 جماعتوں کو معلوم ہے ہماری الیکشن میں سیاسی موت ہے، ایک ہی حل ملک کو بچانے کیلئے 24 کروڑ لوگ سڑکوں پر آئیں، سابق وزیر

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ پاکستان عوامی مسلم لیگ اور سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اب بات سیاست سے آگے نکل گئی ہے اور ملک خانہ جنگی کی طرف جا رہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے کہا کہ ملک میں معاشی، اقتصادی اور سماجی تباہی ہے اور تباہی ہی تباہی ہے اور حکومت بھگوڑی ہے، پنجاب میں بغیر دولہے کے دلہنیں آگئی ہیں، یہ ہارنے والے بھرتے ہیں اب الیکشن سے بھاگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 13 جماعتوں کو معلوم ہے کہ ہماری الیکشن میں سیاسی موت ہے، ایک ہی حل ہے کہ ملک کو بچانے کیلئے 24 کروڑ لوگ سڑکوں پر آئیں، ایسا نہیں ہوسکتا کہ 24 کروڑ کا بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

نوشکی، امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ایف سی، پولیس، لیویز کے مشترکہ گشت کو یقینی بنایا جائیگا، ڈپٹی کمشنر نوشکی

نوشکی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نوشکی خرم خالد بلوچ کے سربراہی میں ڈی سی آفس میں آل پارٹیز و انتظامیہ کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ایس پی عبدالرؤف برڑیچ، ایس ایچ او شعیب بڑکزئی، اے سی زاہد شاہوانی، ایکسیئن کیسکو قاضی نوید، انچارج گیس پلانٹ منور لہڑی، بی این پی کے سی ای سی رکن میر خورشید جمالدینی، جے یو آئی کے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وفاقی وزیر توانائی انجینئر خرم دستگیر سے پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے صدر جمال شاہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL

www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

25 جنوری 2023ء

بلوچستان بجلی کی فراہمی مکمل بحال

ملک گیر سطح پر بجلی کی بحالی کے بعد صوبہ بلوچستان کو بجلی فراہم کرنے والی 220kV اُچ سبی، 220kV دادو۔ خضدار 220kV، ڈیرہ غازی خان۔ لورالائی اور 220kV ڈیرہ مراد جمالی ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی مکمل طور پر بحال ہوگئی ہے اور کیسکو کے زیر انتظام صوبہ کے تمام اضلاع کے تمام گرڈ اسٹیشنز اور ان سے منسلک فیڈروں کو اب معمول کے مطابق بجلی کی فراہمی جاری ہے۔ نیشنل گرڈ سے بجلی کی دوبارہ فراہمی اور 220Kv مین ٹرانسمیشن لائن سے بجلی بحالی کے بعد چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی خصوصی ہدایت پر کیسکو کے پاور ڈسٹری بیوشن سنٹر (پی ڈی سی) کا عملہ لوڈ مینجمنٹ کرتے رہے اور رات تک کوئٹہ شہر کو مکمل طور پر بجلی کی فراہمی کو ممکن بنایا جبکہ پیر اور منگل کی درمیانی شب رات کے تقریباً 3 بجے تک صوبہ کے دیگر تمام متاثرہ علاقوں کو بھی بجلی کی فراہمی کو مکمل طور پر یقینی بنایا۔ کیسکو پاور ڈسٹری بیوشن (پی ڈی سی) کا عملہ ڈسٹری بیوشن سسٹم کو محفوظ رکھنے کیلئے مرحلہ وار بجلی بحالی کے عمل کو جاری رکھا اور اب معمول کے مطابق کوئٹہ سمیت صوبہ کے تمام علاقوں کو بجلی کی فراہمی جاری ہے۔۔ واضح رہے کہ پیر 23 جنوری کی صبح 7 بجکر 34 منٹ پر نیشنل گرڈ کی سسٹم فریکونسی کم ہوگئی جس کے باعث بجلی کے نظام میں ملک گیر سطح پر وسیع بریک ڈاؤن ہوا۔ بریک ڈاؤن آنے کی وجہ سے صوبہ کے 30 اضلاع کو بجلی کی فراہمی معطل ہوئی۔

تباہی کا ایک اور سمندر

سمیع اللہ ملک

افغانستان سے امریکا اور بھارت دونوں ہی کو خاصے ذلت آمیز انداز سے نکلنے کی گواہی تاریخ میں رقم ہو چکی جبکہ امریکا کے روایتی حریف روس اور آج کی دنیا میں تیزی سے سپر طاقت بننے کا سفر طے کرنے والے چین نے اُس کے پیدا کردہ خلا کو کامیابی سے پُر کر دیا ہے۔ بھارت اور امریکا نے کابل میں جس عجلت کے ساتھ اپنے سفارت خانے خالی کئے، ایسا سوچا بھی نہیں جاسکتا تھا لیکن روس اور چین نے ایسا نہیں کیا۔ ان کا پورا سفارتی عملہ کابل میں موجود اور پہلے سے زیادہ مصروف ہے۔ بھارت نے جنوبی ایشیا میں اپنی برتری برقرار رکھنے کی دھن میں موزوں ڈاکٹرائن سے کام لینے کی ناکام کوشش کی۔ بھارت اپنے آپ کو بڑی عالمی طاقت کے طور پر پیش کرنے کے خبط میں مبتلا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ افغانستان سے ذلت آمیز انخلا بھارت کیلئے خطے میں اور خطے سے باہر کیا مفہوم رکھتا ہے؟

پہلی بات تو یہ ہے کہ افغانستان سے امریکا کا ذلت بھرا انخلا عالمی سطح پر اس کی ساکھ مزید خراب کرنے کا ذریعہ بنا اور اس کی عالمی سطح کی برتری بہت حد تک ختم ہو کر رہ گئی ہے اور اپنی اسی برتری کے بحالی کیلئے فوری طور پر یوکرین میں اپنے اتحادیوں سمیت ایک نئے جنگ میں مصروف ہے جبکہ دوسری طرف بھارت کو بھی شدید نقصان سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ اس کی علاقائی سطح کی ساکھ شدید متاثر ہوئی ہے اور جنوبی ایشیا میں اُس کی برتری کا خواب چکنا چور ہو گیا ہے۔ اس کا دعویٰ کہ وہ عالمی سطح پر برتری کیلئے کی جانے والی کوششوں کے حوالے سے توازن قائم رکھنے میں نمایاں مقام رکھتا ہے اور افغانستان میں جو کچھ ہوا ہے، اُس سے بھارت کے ایسے تمام دعوے بالکل جھوٹ ثابت ہو گئے ہیں۔ اسٹرٹیجک معاملات کے تناظر میں تو آج بھارت کہیں بھی دکھائی نہیں دے رہا اور یقیناً لگے ہیں تیس برس کے دوران بھی بھارت کا عالمی سیاست میں کوئی نمایاں کردار نہیں۔ عالمی سطح کی ری بیلنسنگ پاور بنانے کیلئے بھارت کو معاشیات، اسٹرٹیجی اور ٹیکنالوجی تینوں محاذوں پر غیر معمولی تنزلی کا بھی سامنا ہے جس کیلئے وہ سرتوڑ کوششیں کر رہا ہے۔

دوسری اہم بات یہ کہ بھارت کی اسٹرٹیجک پالیسی مرتب کرنے والوں نے سمجھ لیا کہ بھارت نے چین کا پامردی سے سامنا کرنے کیلئے چار رکنی اتحاد "کواڈ" میں شامل ہو کر اسرائیل کی طرح امریکا کی گود میں جگہ بنالی ہے لیکن جہاں بھارت کے افغانستان کے بارے میں تمام دعوے بھی انتہائی درجے کے مبالغے کے حامل ثابت ہونے پر شرمندگی کے ساتھ منہ چھپانے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں بچا وہیں چین کے ساتھ بھارتی فوجوں کی درگت نے بھی امریکا و مغرب پر حقیقت واضح کر دی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ بھارت اسٹرٹیجک معاملات میں اپنی خودمختاری اور اعتماد کھو بیٹھا ہے۔ افغانستان کے معاملات نے ثابت کیا ہے کہ بھارت اور امریکا کی افغان پالیسی یکساں طور پر ناکام نوعیت کی تھی۔ امور خارجہ کی بھارتی وزارت نے 17 اگست کو اپنے بیان میں کابل کی جس صورت حال کا ذکر کیا تھا اور سفارت خانہ خالی کرنے کے حوالے سے صرف امریکا کا ذکر تھا، اس میں روس یا کسی اور طاقتور علاقائی ملک کا نام تک شامل نہ تھا۔

جو کچھ افغانستان میں ہوا اُس کے بعد تو جنوبی ایشیا میں بھارت کی برتری بھوٹان تک محدود ہو چکی ہے جو اُس کیلئے بغل بچے کی سی حیثیت رکھتا ہے۔ بھارت نے خشکی سے گھرے ہوئے ایک اور ملک نیپال کو بھی اپنے دائرۂ اثر میں رکھا ہے، مگر اب بھوٹان کے ساتھ نیپال کا بھی سفر اس دائرۂ اثر سے نکلتا دکھائی دے رہا ہے۔ نیپال نے چین کے ساتھ کئی سمجھوتوں پر دستخط کر چکا ہے، جن کے نتیجے میں سمندروں تک رسائی کے معاملے میں نیپال کی بیرونی تجارت اور نیپالی باشندوں کی حرکت پذیری پر بھارت کا کنٹرول بہت حد تک ختم ہو کر رہ گیا ہے اور بھوٹان میں بھی بھارت کے بارے میں بے چینی پھیل رہی ہے۔ بھارت کی اسٹرٹیجی تیار کرنے والوں کا خیال ہے کہ نیپال کی سیاسی جماعتیں بھارتی مفادات کے خلاف نہیں جاسکتیں۔ یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ نیپال کی کوئی بھی سیاسی جماعت ملک بھر میں پائے جانے والے بھارت مخالف جذبات کے پیش نظر چین سے کیے جانے والے سمجھوتوں اور معاہدوں کو کسی طور نظر انداز نہیں کر سکتی۔ یوں اب خطے میں بھارت کی برتری ختم ہوتی جارہی ہے اور چین کا معاشی غلبہ رہی سہی کسر نکال رہا ہے۔

افغانستان وہ اسٹرٹیجک مقام تھا جہاں اپنے قدم مضبوطی سے جما کر بھارت اپنے روایتی حریف پاکستان کو قابو میں رکھنے کے حوالے سے پاکستان میں دہشتگردی میں مصروف تھا اور اب بھی ٹی ٹی پی کے کچھ گروپوں کی سرپرستی کر رہا ہے۔ بھارتی میڈیا میں یہ خبریں بھی آتی رہی کہ افغانستان کے ذریعے بھارت بلوچستان میں بڑے انٹیلی جنس آپریشنز شروع کرنے والا ہے تاکہ مقبوضہ کشمیر میں بڑھتی ہوئی بے چینی اور جدوجہد آزادی کو دبایا جائے۔ ایسے میں افغانستان سے بھارت کی شرمناک واپسی نے پاکستان کو اسٹرٹیجک نقطۂ نظر سے خاصی بہتر پوزیشن میں پہنچا دیا ہے مگر سیاسی اور معاشی ابتری نے پاکستان کو اپنے چنگل میں پھانس رکھا ہے۔ یہ بات بھی کسی طور نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ امریکا سے اسٹرٹیجک اتحاد قائم کرکے بھارت نے مشرقِ وسطیٰ اور وسط ایشیا تک رسائی بھی کھوئی ہے۔ بھارت کے مستقبل قریب میں یوریشین سرزمین پر معاشی اور اسٹرٹیجک معاملات کے بڑے اتحادوں کا حصہ بن کر بہت کچھ حاصل کرنے کے مواقع بھی اب ہاتھ سے جاچکے ہیں جبکہ اب پاکستان، ایران، ترکی، چین اور روس خطے میں معاشی و اسٹرٹیجک شراکت داریاں قائم کرنے کی کامیاب منصوبہ سازی کرنے کی پوزیشن میں ہیں۔

افغانستان میں تیزی سے بدلتے ہوئے حالات کی روشنی میں روسی قیادت نے حال ہی میں بڑی علاقائی طاقتوں سے گفت و شنید اور مشاورت کی مگر اس عمل میں بھارت کو قطعاً شریک نہیں کیا جبکہ یوکرین کے معاملے میں بھارت نے امریکا کو نواز ہونے کے باوجود اس کی بات نہیں مانی۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بھارت کس حد تک تنہا ہو چکا ہے۔ (جاری ہے)



تلخ حقیقت
Ranzooryar18@gmail.com
محمد نسیم رنزوریار

ضلع چمن میں الخدمت فاؤنڈیشن کی عملی خدمات

قارئین کرام!! انسانوں سے پیار و محبت اور ضرورت مند انسانوں کی مدد کے عمل کو ہر دین اور مذہب میں تحسین کی نظر سے دیکھا جاتا ہے لیکن دین اسلام نے خدمت انسانیت کو بہترین اخلاق اور عظیم عبادت قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو یکساں صلاحیتوں اور اوصاف سے نہیں نوازا بلکہ اُن کے درمیان فرق و تفاوت رکھا ہے اور یہی فرق و تفاوت اس کائنات رنگ و بو کا حسن و جمال ہے۔ وہ رب چاہتا تو ہر ایک کو خوبصورت، مال دار، اور صحت یاب پیدا کر دیتا لیکن یہ یک رنگی تو اس کی شان خلاقی کے خلاف ہوتی اور جس امتحان کی خاطر انسان کو پیدا کیا ہے، شاید اس امتحان کا مقصد بھی فوت ہو جاتا۔ اُس علیم و حکیم رب نے جس کو بہت کچھ دیا ہے اُس کا بھی امتحان ہے اور جسے محروم رکھا ہے اس کا بھی امتحان ہے۔ وہ رب اس بات کو پسند کرتا ہے کہ معاشرے کے ضرورت مند اور مستحق افراد کی مدد اُن کے وہ بھائی بندہ کریں جن کو اللہ نے اپنے فضل سے نوازا ہے تاکہ انسانوں کے درمیان باہمی الفت و محبت کے رشتے بھی استوار ہوں اور دینے والوں کو اللہ کی رضا اور گناہوں کی بخشش بھی حاصل ہو۔ مسلم شریف کی روایت ہے: مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور وہ شخص اللہ کو زیادہ محبوب ہے جو اس کے کنبے کے لئے زیادہ مفید ہو۔ سبحان اللہ اس رب کو اپنے بندوں سے اس قدر محبت ہے کہ وہ ان کو اپنا کنبہ قرار دیتا ہے حالانکہ وہ سبوح اور قدوس ذات ہے، اسے کسی کنبے کی ضرورت اور احتیاج ہرگز نہیں انسانیت کی خدمت کے بہت سے طریقے ہیں۔ بیواؤں اور یتیموں کی مدد، مسافروں، محتاجوں اور فقراء اور مساکین سے ہمدردی، بیماروں، معذوروں، قیدیوں اور مصیبت زدگان سے تعاون یہ سب خدمت خلق کے کام ہیں اور وسیع تر تناظر میں ان سب سے بڑھ کر انسانوں سے ہمدردی یہ ہے کہ ان کو دعوت و تبلیغ اور تعلیم و تربیت کے ذریعے دوزخ کی آگ سے بچایا جائے اور رب کی رضا اور صراط مستقیم کی طرف ان کو دعوت دی جائے۔ لیکن اس مضمون میں ہم صرف پہلی قسم کے متعلق ہی گزارشات ضبط تحریر میں لائیں گے۔ صحیح الجامع میں رسول نے فرمایا۔ لوگوں میں سے اللہ کے ہاں سب سے پسندیدہ وہ ہیں جو انسانوں کے لئے زیادہ نفع بخش ہوں۔ اعمال میں سے اللہ کے ہاں سب سے پسندیدہ وہ ہیں جن سے مسلمانوں کو خوشیاں ملیں، یا ان سے تکلیف دور ہو۔ یا ان سے قرض کی ادائیگی ہو یا ان سے بھوکوں کی بھوک دور ہو میرے نزدیک کسی مسلمان بھائی کی ضرورت پوری کرنے کی سعی ایک ماہ مسجد میں اعتکاف بیٹھنے سے زیادہ پسندیدہ ہے اور جس نے غصہ بجھایا اللہ تعالیٰ نے اس کی پردہ پوشی کر لی اور جس نے غصہ پی لیا اگر اس نے چاہا کہ اللہ تعالیٰ اس کی مشکلات دور کر دے تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکلات دور کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کا دل اتنا بھر دیگا کہ وہ قیامت کے دن راضی ہو جائیگا اس حدیث میں کسی ضرورت مند انسان کی حاجت کو پورا کرنے پر کتنے ہی انعامات کا ذکر کیا گیا ہے۔ تو انسانیت کی اس عظیم خدمت کی سلسلے میں چمن الخدمت فاؤنڈیشن کی عملی اقدامات روز سورج کی طرح روشن و عیاں ہیں کہ الخدمت فاؤنڈیشن چمن نے ہر مشکل وقت میں غریب اور پسماندہ ضلع چمن میں انسانی ہمدردی کے تحت جو خدمات اور مستحق غریبوں کا حقوق ہے بڑی تیزی اور احسن طریقے سے ادا کئے ہیں ضلع چمن صرف بلوچستان نہ بلکہ پاکستان کی سطح پر ایک غریب اور زندگی کے بیشتر سہولیات سے محروم پسماندہ ضلع ہے جس میں اکثریت تعداد میں غرباء رہتے ہیں جو عام دنوں میں دو وقت روٹی اور بچوں کی پیٹ پالنے کی قدرت نہیں رکھتے ہیں تو مشکل اور قدرتی آفت کے دنوں میں رہتا تو ضلع چمن کے غریب عوام کیلئے ایک چیلنج سے کم نہیں ہے۔ اس غریب عوام اور پسماندہ ضلعے کی حالت زار بدلنے کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن ضلع چمن کے جو خدمات ہیں وہ قابل ستائش اور انتہائی نیک و تحسین ہیں کہ الخدمت فاؤنڈیشن چمن کے رضا کاروں نے ہمیشہ کی طرح ضلع چمن کے غریب عوام کا وہ خدمت سرانجام دیا ہے جسے انسانیت کی تاریخ میں زریں الفاظ سے یاد اور لکھا جائے گا۔ درحقیقت میں چمن الخدمت فاؤنڈیشن نے ضلع چمن کے غریب مستحق اور سیلاب زدہ عوام کیساتھ بھرپور تعاون کیا ہے جسے متاثرہ خاندانوں کو مکمل بلا تفریق ریلیف ملا۔ اسی طرح شدید سردی میں رات کے وقت سنسان روڈوں پہ سوتے ہوئے لوگوں میں سردی سے بچنے کیلئے گرم کمبل کی تقسیم۔۔۔ شدید بارش و برف باری میں درہ کوژک اور ٹاپ سر پر پھنسے ہوئے مسافروں کو نہ صرف کھانا کھلانا بلکہ اپنے اپ کے تحت مشینری سے روڈ کو صاف کرنا خراب گاڑیوں کی مرمت میں مدد کرنا چھوٹے بچوں بچیوں کو سخت سردی سے بچنے کیلئے ہر طرح بچاؤ کا سامان دن ہو یا رات ہو بروقت مہیا کیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ چمن الخدمت فاؤنڈیشن غریب عوام کے پہاڑی اور شہری سہولیات سے دور علاقاجات میں فری میڈیکل کیمپوں کی حسین اقدامات مستحق غرباء میں راشن کی تقسیم جس میں خوراک کی ضروری اشیاء شامل ہیں کا سلسلہ کئی بار سرانجام دی ہے جیلوں میں قیدیوں کو سہولیات دینا یعنی ضلع چمن میں الخدمت فاؤنڈیشن کی رضا کار اس صرف شہر کے اندر نہیں بلکہ دور دراز علاقوں میں مستحق اور غریب عوام کو گھر گھر تلاش کر کے انکو صحت تعلیم سردی سے بچنے کی سامان ادوایات خوراکی پیکٹ سیلاب زدگان اور شدید بارش و برف باری کے دوران دن رات انسانی خدمات کا یہ عظیم سلسلہ جاری رکھا ہے۔ افغانستان و پاکستان کے درمیان شدید جنگی صورت حال میں زخمیوں کیلئے فری خون کا انتظام تو یہ اچکزئی میں تین فری میڈیکل کیمپ اور کسان پیکج کی تقسیم جو فی فرد کو 60 / 50 ہزار کا سامان دینا اسی طرح ہر ہنگامی صورت حال میں چمن الخدمت فاؤنڈیشن کی الرٹ ہونے سے غریب عوام وقتاً فوقتاً بہت مستفید ہوا ہے۔ چمن عوام نے اس طرح بلا تفریق انسانی خدمات کو سراہتے ہوئے چمن الخدمت فاؤنڈیشن کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے یہاں کے عوام میں انسانی خدمت کرنے کا جذبہ بھی ابھر آیا ہے جو چمن الخدمت فاؤنڈیشن کی انسانی خدمات کو دیکھتے ہی یہاں اب بھی انسانیت سے محبت غریبوں کی مدد کرنے کا سلسلے نے زور پکڑ لی ہے جو کریڈیٹ چمن الخدمت فاؤنڈیشن کے مثبت اعلیٰ اور مثالی خدمات کی طرف مائل ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن چمن نے ضلع چمن کے غریب عوام اور پسماندہ علاقوں میں بہت تیزی اور ہمدردی کیساتھ صحیح معنوں میں خدمت کا وہ اقدامات کئے کہ جس سے نہ صرف غریب عوام مستفید ہوئے بلکہ پسماندہ علاقوں میں باقاعدہ ترقی کی تبدیلی آگئی اور الخدمت فاؤنڈیشن چمن کے ذمہ داروں اور رضا کاروں کی اس تحسین خدمات کو دیکھتے ہوئے ضلع چمن کے غریب عوام نے الخدمت فاؤنڈیشن کے عملی اقدامات سے متاثر ہو کر جوق در جوق سے الخدمت فلیٹ فارم پر متحد ہونے کا عزم کر مستقبل میں ضلع چمن کیلئے مزید انسانی خدمات کرنے کا عزم کر رکھا اور الخدمت فاؤنڈیشن کا یہ انسانی ہمدردی کا تحسین اور قابل ستائش خدمات کو سراہتے ہوئے ضلع چمن پر ایک عظیم احسان ٹھہرایا کہ مشکل وقت میں الخدمت فاؤنڈیشن چمن کی تعاون و مدد سے ضلع چمن میں بے شمار غریب افراد تباہی سے بچ کر نارمل زندگی کی طرف آنے الخدمت فاؤنڈیشن چمن کا احسان ہے جسکے ہم سب مقروض ہیں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مزید بھی انسانی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائیں آمین۔

جس طرف آنکھ اٹھاؤں تیری تصوراں ہے

وارث دیناری

آج میں جس طرف بھی دیکھتا ہوں مجھے ہر وقت لوگوں کی لمبی قطاریں نظر آتی ہیں چاہئے سستے راشن کیلئے یوٹیلٹی اسٹور کے سامنے ہو یا پھر آٹے کیلئے ہو۔ احساس پروگرام کے پیسے ہوں، امدادی سامان حاصل کرنے کیلئے کسی ادارے کے آفیس کے سامنے غرض ہر جگہ پر لوگوں کی لمبی لمبی قطاریں دکھائی دیتی ہے موسم کی سختیوں کی پرواہ کئے بغیر بس کچھ ملنے کی امید پر یہ لوگ قطاروں میں کھڑے رہتے ہیں کبھی کسی کو کچھ مل جاتا ہے تو کسی کو پولیس کی لاٹھیاں اور دھکے ملتے ہیں۔ ہمارے ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے یا ہم ایسا کیوں کرتے ہیں اور کب تک ایسا ہوتا رہے گا کب تک ہم بھکاریوں کی زندگی گزارتے رہیں گے۔ کب تک ہمارے حکمران خیرات کے پیسوں پر عیاشیاں کرتے رہیں گے کب تک ان کو NRO ملتا رہے گا۔ کب تک ہم اسی طرح ڈوبتے مرتے۔ دربدر ہوتے رہیں گے۔ کب تک ہم لوٹتے برباد ہوتے۔ غریب سے غریب تر ہوتے رہیں گے کب تک ہمیں لوٹنے ڈبونے۔ مارنے والے سزا سے بچتے رہیں گے کب ہم حالات واقعات سے سبق لیں گے۔ کشکول توڑ دینے کی باتیں تو ہر دور میں حکمران کرتے آتے ہیں آخر یہ کشکول کب ٹوٹے گا بھیک ملنے پر ہمارے حکمران خوشی سے پھولے نہیں سماتے ہیں اور ہر وقت اس پر فخر کرتے ہیں ہمیں اتنے بلین ڈالر امداد ملا ہے۔ یہ وہ سوال ہیں جن کا جواب دینے کیلئے نہ ہمارے ارباب اختیار تیار ہے اور نہ ہی عوام۔ لگتا ہے کہ سیلاب کے سامنے عوام کا سیلاب کبھی نہیں آئے گا جب تک عوام کا سیلاب نہیں آتا ہے یہ سیلاب آتے رہیں گے ڈیم اور پلیں ٹوٹتے رہیں گے سڑکیں پانی میں پانی کی طرح بہتے رہیں گے سرکاری املاک کو اربوں روپے کی نقصان پہنچتی رہے گی اور ہم یونہی خاموشی سے دیکھتے رہیں گے اربوں کی گندم دیگر سرکاری مشینری سیلاب کی نظر ہوتی رہے گی کرپٹ لوگ امیر سے امیر تر ہوتے رہیں گے۔ کب تک دنیا سے بھیک مانگتے رہیں گے اور جب ہماری کشکول میں چند ٹکے ملتے پر ہمارے حکمران خوشی سے پھولے نہیں سماتے رہیں گے۔ آخر کب تک ہم دس کلو آٹے کی خاطر گھنٹوں لائن میں کھڑے رو کر لاٹھیاں کھاتے رہیں گے۔ ہمارے سیلاب متاثرین کب تک خیمے اور چند کلو آٹے راشن کی خاطر کس کس کی منت سماجت کرتے رہیں گے۔ متاثرین کے نام پر دھوکہ بازی کا یہ سلسلہ کب ختم ہوگا۔ حقیقی متاثرین کی دادرسی کب ہوگی۔ اس کیلئے۔ صرف تین کام کئے جائیں تو تمام مسائل کا حل خود بخود نکل آئے گا۔ اول کرپشن کا خاتمہ۔ دوئم سخت احتساب۔ سوئم میرٹ۔ پر عمل درآمد یقینی۔ ہم صرف سیلاب متاثرین کی بات کریں جو اس وقت خون جمانے والی سردی نے ان کے مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا۔ ہم سب کئی سالوں سے دیکھ رہے ہیں سیلاب ایک دو سال کے وقفے سے آ کر نا قابل فراموش ہر طرف تباہی کا داستان چھوڑ کر ہمیں ایک سبق دے کر جاتی ہے لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ قدرت کی جانب سے کئی سالوں سے مسلسل یہ سبق ہمیں مل رہی ہے لیکن ابھی تک اس سبق سے نہ عوام نے کچھ سیکھا اور نہ ہی حکمرانوں نے دنیا میں ہر جگہ قدرتی آفات مختلف صورتوں میں آتے رہتے ہیں ان آفات کو روکنا کسی کی بس میں نہیں ہے لیکن بہتر منصوبہ بندی کر کے ان کے نقصانات کم سے کم کئے جاسکتے ہیں اس طرح کی بہت ساری مثالیں ہیں جاپان بنگلادیش کی مثالیں تو ہمارے سامنے ہیں جہاں پر آئے روز طوفان اور سیلاب آتے رہتے ہیں وہ ان کو روک تو نہیں سکتے ہیں لیکن انھوں نے بہتر منصوبہ بندی اختیار کی جس سے کم سے کم جانی و مالی نقصان ہوتا ہے ہمارے یہاں ایک عرصے سے مختلف اوقات میں سیلاب آتے رہتے ہیں جس سے پنجاب سندھ بلوچستان سمیت پاکستان کے مختلف علاقوں میں لوگ متاثر ہوتے آرہے وہ ہمیشہ سیلاب کی وجہ سے جانی و مالی نقصان سے دوچار رہتے ہیں تاہم 2010 اور اس کے بعد آنے والے سیلابوں سے جو تباہی مچی اس کی مثال کہیں بھی نہیں ملتی ہے یکے بعد دیگرے تباہ کن سیلابوں نے پاکستان کی معیشت کا بیڑہ غرق کر دیا۔ سیلاب نے کروڑوں پاکستانیوں کی کمر توڑ دی ہے۔ سیلاب کی تباہ کاریاں کئی سالوں تک لوگوں کو یاد۔ رہیں گئیں۔ لیکن مجھے حیرانگی تو اس بات پر ہے کہ نا قابل بیان تباہ کاریوں کے باوجود نہ ہمارے حکمرانوں نے کوئی سبق حاصل کی اور نہ ہی عوام نے۔ آج اوستہ محمد سے جیکب آباد کی طرف جاتے ہوئے جب کھیر تھر کینال کے خانپور پل سے گزرتے ہوئے یہ دیکھ کر حیران ہو گیا کہ لوگ اس جگہ پر دوکانیں اور مکانات بنا رہے جہاں ہر بار سیلاب ہٹ کرتا آرہے ہے جو سیلابی پانی کا قدرتی گزر گاہ بنا ہوا ہے۔ لوگوں کی بے حسی پر حیرانی تو ہوئی ہے لیکن حکومتی اقدامات نہ ہونے سے پریشانی بھی کیونکہ اکثر دیکھا گیا کہ سیلاب کا پانی مذکورہ جگہ پر پہنچ کر جب ڈیم کی شکل اختیار کر لیتی ہے تو پھر سرکار کی جانب سے پانی کو راستہ دینے کیلئے یہاں سے سڑک کو کئی جگہ سے کٹ لگائی جاتی ہے پھر مہینوں تک سڑک بند لوگ کشتیوں کے ذریعے ایک کنارے سے دوسرے کنارے پر جاتے ہیں راستے بند ہونے کی وجہ سے لوگوں کے مشکلات میں بے پناہ اضافے کے ساتھ علاقوں میں اشیاء خورونوش کی قلت پیدا ہو جاتی رہتی ہے سیلاب کے گزرنے کے بعد دوبارہ اس جگہ پر مٹی ڈال کر سڑک کو آمدورفت کیلئے بحال کر دیا جاتا ہے اس بار بھی ایسا ہی ہوا ہے جہاں جہاں پر کٹ لگائے گئے تھے وہاں پر مٹی ڈال دی گئی ہے اب جبکہ پیش گوئی کی جارہی ہے کہ اس سال بارشیں گزشتہ سال سے بھی زیادہ ہونے کے امکانات ہیں اور یہی جولائی اگست میں بارشیں متوقع ہیں اس کے باوجود اس طرح غفلت کا مظاہرہ کرنا کیا معنی رکھتا ہے اگر سرکار کی جانب سے کچھ نہیں کیا جارہا ہے تو ہمیں تو اپنے نقصان کا احساس ہونا چاہئے۔ ضرورت اس امر کی ہے سب سے پہلے حکومت اس بات کو یقینی بنائے کہ سیلاب کے گزر گاہوں کو کلیئر کروانے کے ساتھ آمدورفت بحال رکھنے کیلئے سڑکوں پر معیاری پلیں بنائی جائیں تاکہ پانی کو راستہ مل سکے نیز شہری علاقے ہوں یا قصبات لوگوں کو مکانات بنانے کیلئے بلڈنگ کوڈ پر عمل کرنے کیلئے پابند کیا جائے این جی اوز اور سرکاری ادارے سیلاب متاثر کو مکانات بنوا کر دینے والے دیگر ادارے (جاری ہے)

کلیسی چند قدم پر ہے

اس نے کہا عجیب شعر ہے مجھ کوڑ ہے چاند پر بھی آدمی منتقل ہو جائے گا طبقوں سمیت میں نے کہا ایسا ہونا عین ممکن ہے۔ اس معاشرہ میں قدم قدم پر طبقاتی سٹیٹس موجود ہے جس سے اب چھٹکارا پانا محال ہے اس نے کہا۔ نہیں یار کیسی بات کر دی آپ نے؟ میں نے جواباً عرض کیا۔ کسی دفتر، پولیس اسٹیشن یا کسی شخصیت سے دو افراد کو ایک ہی نوعیت کا کام ہو ایک آدمی کا تعلق کسی عام سے علاقہ یا محلے سے ہو دوسرا ڈیفنس، بحریہ، عسکری یا ماڈل ٹاؤن کا رہائشی ہو دونوں سے ایک جیسا طرز عمل۔ ایک جیسا سلوک کبھی نہیں ہوگا اس نے گھبرا کر کہا اس کا مطلب ہے بیڑا ہی غرق ہو گیا" ہاں۔ میں نے آہ بھر کر یاسیت سے کہا ہم تقسیم در تقسیم ہوتے چلے جارہے ہیں پہلے برادریوں کے نام پر۔ کبھی لسانی اور علاقائی سوچ نے ہمیں پارہ پارہ کیا: پھر فرقوں اور مسالک نے ہمیں تقسیم کر دیا اب طبقاتی سٹیٹس نے۔ اس نے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے ٹھنڈی آہ بھری یار ہمارے ساتھ کیا کیا ہو رہا ہے اور کسی کو مطلق احساس تک نہیں ہے یہ بے خبری ہے یا تجاہل عارفانہ؟ آپ اسے اجتماعی بے حسی کا نام دے سکتے ہیں میرے لہجے میں تلخی عود آئی اس کا کوئی حل بھی ہے۔ وہ سراپا سوال تھا شاید اب ہم اس منزل سے آگے نکل آئے ہیں، میں نے کہا مجھے تو بہتری کی کوئی امید نظر نہیں آرہی مایوس ہو گئے۔ اس نے عجیب سے لہجے میں کہا۔ میں گھبرا کر اٹھ کھڑا ہوا۔ اس نے کہا اب کیا ہوا؟ لگتا ہے۔ میرا ایمان کمزور ہو گیا ہے میں نے ہاتھ ملتے ہوئے جواب دیا مایوسی تو میرے مذہب میں کفر ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونا گناہ ہے۔ اس نے میرے ہاتھ پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا لیکن یار یہ سامنے کی بات لوگوں کی سمجھ میں کیوں نہیں آتی؟ شاید میری طرح ان کی بھی مت ماری گئی ہے میں نے جواباً کہا۔ ان مکالموں نے مجھے جھنجھوڑ کر رکھ دیا تنہائی میں غور و فکر کے کئی در بیچ کھل گئے عجیب و غریب خیالات، کئی مظلوموں کے بازے، بھوک سے بلبلاتے بچوں کی سسکیاں، کوڑا کرکٹ کے ڈھیر سے رزق تلاش کرنے والوں کے غم، پوری زندگی سسک سسک کر جینے والوں کی آہیں، ایک ایک لقمے کو ترستے لوگ، غربت کے ہاتھوں اپنی ہی زندگی کا خاتمہ کرنے والے بزدل یا پھر محرومیوں کا شکار جنوبی ایشیاء ہو یا پھر غریب ملکوں کے 80% شہری جن کے پاس زندگی کی بنیادی سہولتیں بھی نہیں یاد رہے بس۔ غربت کے مارے جو اپنے لخت جگر بیچنے کیلئے کتبے لگائے شہری سڑکوں پر بیٹھے ہیں یا وہ جو روٹی کھانے کیلئے ہسپتالوں میں اپنا خون بیچتے پھرتے ہیں یا اپنے ہی گردے بیچنے کیلئے مجبور ہیں میں کس کس کا تذکرہ کروں کس کس کا نوحہ پڑھوں۔ کس کس کی بات کروں۔۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونا گناہ ہے مایوسی تو اسلام میں کفر ہے۔ خدایا مجھے فہم و ادراک دے۔۔۔ میری رہنمائی کر پھر یہ سب کچھ کیا ہے؟ ظالموں نے مظلوموں کا جینا عذاب کیوں بنا دیا ہے میں سوچتا ہوں پاکستان کے نام کے ساتھ اسلامی جمہوریہ بھی لگا ہوا ہے، افغانستان کے پرچم پر مسجد بنی ہوئی ہے، افریقی ہوں یا سیکولر ممالک ہر جگہ غریبوں کا برا حال ہے لیکن پاکستان تو اسلامی ہے نہ جمہوری افغانستان بھی آدھا تیتر آدھا بٹیر ہے، افریقی ممالک میں غضب کی غربت ہے، بھارت میں لاکھوں شہری جھونپڑیوں میں پیدا ہوتے ہیں وہیں سے ان کے جنازے اٹھتے ہیں۔ معاشرہ کوئی بھی ملک جو بھی ہو اس سے فرق نہیں پڑتا ہر صورت میں عوام کے کچھ حقوق تو ہوتے ہیں۔ جن ممالک کو ہم کافر اور غیر مسلم قرار دیتے ہیں ان میں جانوروں کے بھی حقوق ہوتے ہیں اور ان کے حق میں آواز بلند کرنے کیلئے کئی تنظیمیں بھی موجود ہیں لیکن جس ملک کو ہم اسلامی جمہوریہ سمجھتے اور لکھتے ہیں یہاں تو غریب انسانوں کا کوئی حق تسلیم نہیں کیا جاتا وہ بے چارے ساری زندگی سسک، سسک کر جیتے ہیں نہ مرتے ہیں۔ کبھی سوچتا ہوں ہم تقسیم در تقسیم ہوتے چلے جارہے ہیں پہلے برادریوں کے نام پر۔ کبھی لسانی اور علاقائی سوچ نے ہمیں تقسیم کیا۔ پھر فرقوں اور مسالک نے ہمیں اکائی بنا ڈالا اب طبقاتی سٹیٹس سے جینا محال ہے کیا ہمارے آس پاس روشنی کی کوئی کرن نہیں؟ گلے شکوے، حالات کی شکائتیں اور مایوسی کی باتیں کرتے کرتے یوں لگا جیسے میرے دماغ میں روشنی کا ایک جھماکا سا ہوا ہو پورا ماحول جگ مگ جگ مگ کرنے لگا میں تو روشنی کی ایک ایک کرن کو ترستا تھا یہاں ہر چیز روشنی میں نہائی ہوئی تھی حد نظر روشنی ہی روشنی۔ جیسے نور ہی نور، دل نے سوال کیا الٰہی یہ کیا ماجرا ہے۔ لگا جیسے کسی نے دل کے دروازے پر دستک دی ہو کوئی کہہ رہا ہو۔ تم لوگوں نے اپنے آپ کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے گلے شکوے، شکائتیں اور مایوسی ہی کو زندگی سمجھ لیا ہے جانتے ہو غور نہ کرنے والے یقیناً خسارے میں ہیں۔ میں آنکھیں ملتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا احساس ہوا جیسے میرے اندر کوئی بول رہا ہو لہجہ تحیہ جیسا لیکن مشفق۔ قدرت کا فیصلہ اٹل ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے کہے کا پاس ہے یہ بشر ہی ہے جس نے فساد بپا کر رکھا ہے یہ انسان بننے کیلئے کیوں راغب نہیں ہوتا۔ حالات بدل سکتے ہیں، محرومیاں ختم اور ایک نئے دور کا آغاز کوئی اچنبھے کی بات نہیں لیکن اس کیلئے کوشش کرنا پڑتی ہے خدا بھی اس کے حالات نہیں بدلتا جو خود خواہش اور عملی کوشش نہ کرے مسلمان ہونا ہی کافی نہیں اس کے ساتھ ساتھ انسان سے پیار اور انسانیت سے محبت لازمی شرط ہے مٹی کے پتلے نے شاید ہی سوچا ہو برادریوں کے نام پر۔ کبھی لسانی اور علاقائی سوچ نے اسے کہاں لا کھڑا کیا ہے۔ فرقہ بندی اور مسالک کے جھگڑے اب طبقاتی سٹیٹس۔ اور کتنی پستی میں گرنے کا ارادہ ہے؟ کلیسی دو قدم کے فاصلے پر ہے حیف صد حیف کسی کو اس کا ادراک بھی نہیں، میرے اندر کے انسان نے مجھے جھنجھوڑ کر رکھ دیا تھا نہ کر خواج خضر دیاں منتاں تیرے اندر آب حیاتی ہو جس دن اس معاشرہ کو تفرقوں کا خاتمہ اور انسانیت کا احترام کرنا آ گیا آدھے سے زیادہ مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے۔ میں دل ہی دل میں دہرانے لگا حالات بدل سکتے ہیں محرومیاں ختم اور ایک نئے دور کا آغاز کوئی اچنبھے کی بات نہیں یقیناً اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس ہونا گناہ ہے مایوسی تو اسلام میں کفر ہے۔ کفر کا سینہ ایمان سے روشن کرنے کیلئے ہمت، محنت، کوشش اور جدوجہد ناگزیر ہے اللہ کسی کی محنت ضائع نہیں کرتا ہم نے اپنے حالات بدلنے کیلئے اپنی سوچیں بھی تبدیل کرنا ہیں اپنے شب و روز میں تبدیلی لانے کیلئے یہی سب سے پہلا فلسفہ ہے معاشرے سے غربت، جہالت، افلاس کے خاتمہ کیلئے انتھک محنت کرنا ہے پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا آگے۔ اور آگے۔ اور آگے بڑھتے ہی جانا ہے سفر 100 کلومیٹر کا ہو یا پھر چند کوس کا آپ پہلا قدم اٹھائیں گے تو طے ہوگا انسان کو اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات پیدا کیا ہے دنیا کا بڑے سے بڑا مسئلہ اس کے سامنے کچھ بھی نہیں بات وہی پیش نظر رکھیں کلیسی دو قدم کے فاصلے پر ہے حیف صد حیف کسی کو اس کا ادراک بھی نہیں۔ ایک بات کا فیصلہ کر لیں ہم نے ساری زندگی سسک، سسک کر جینا ہے یا پھر دنیا کو کچھ کر کے دکھانا۔ کچھ بن کر دکھانا ہے جس کو یہ فلسفہ سمجھ میں آ گیا اس کیلئے برادری، لسانی اور علاقائی سوچ، فرقہ بندی، مسالک اور طبقاتی سٹیٹس کچھ معنی نہیں رکھتے انسانیت ہی مقدم رہے گی کلیسی دو قدم کے فاصلے پر ہے تو پھر جستجو کیوں نہیں؟

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer, CWPP&H (Communication) Department District Jhal Magsi invites sealed percentage rates tenders based on Composite Schedule of Rates, 2018 Government of Balochistan amended up-to-date from interested contractors/firms for the mentioned below:- **Earnest Money 2% in shape of call deposit. Tender Fee Rs.2000/-(in shape of green challan form deposited in NBP Gandawah head of account C-02716), Time limit 24 working months**

S.NO.	NAME OF WORK	E/COST	E/MONEY
1	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD GHAR TO BERATUNIA 08 KM DSITRICT JHAL MAGSI, PSDP NO. 900/2022-2023 (PROJECT I.D Z2022.1308). **TSE-22230122827**	148.515-M	2.971-M

ONLY ELECTRIC BID WILL BE SUBMITTED , NO PHYSICAL BID IS REQUIRED

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority Rules, 2014 & Pakistan Engineering Council By-Laws. BASIC ELIGIBILITY: The contractors must have valid Registration of firm with PEC in category **C-4** and above with specialization codes CE01 and CE10 Code in relevant discipline and registration along with till date renewal with Tax Authorities i.e. (NTN, Sales Tax Department and BRA), where applicable. **The prospect bidder(s) must meet the eligibility / qualifying criteria as mentioned in the bidding document** (Three years Relevant work Experience and Financial Capabilities / Turn-over of Last Two Year). **METHOD OF PROCUREMENT**: Single Stage - Two Envelope Bidding Procedure. **BIDDING/TENDER DOCUMENTS ISSUANCE**: The bidder(s) can obtain the bidding documents from the address mentioned below in office working hours on production of green challan form for an amount of Rs.2000/- (NON REFUNDABLE) deposited in NBP Gandawah Branch under the head of account **C02716** thorough Government Treasury/National Bank of Pakistan OR can be downloaded from website of BPPRA (www.bppra.gob.pk). under TSE Nos. given against each work above from the date of publication of this invitation in newspapers till the last date of submission i.e **10/02/2023** until **12.00 hrs.** The contractors/Firms who obtain bidding document by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green challan form of above mentioned fee. The bids must accompanied Bid Security with "Technical Bid" for the work in the form of Call at Deposit above in the name of the undersigned from a Scheduled Bank. **Bid security if not found in technical bid envelope the bid will not be taken into account for evaluation and will be rejected straightforwardly. DEAD LINE OF SUBMISSION**: The bids (Technical and Financial) in two separate sealed envelopes clearly marked with work Title & Type of Proposal, prepared in accordance with the instructions contained in the bidding document must be delivered by hand or through registered mail at the address mentioned below on or before **10/02/2023** at **12.00** hrs. **OPENING OF BID(S)**: Envelope containing "Technical Bid" along with bid security will be opened on the same day i.e. **10/02/2023** at **13.00** hrs before Procurement Committee in the presence of Bidders or their Authorized representatives who choose to attend as specified in the bidding document. Second Envelope containing **"Financial Bid"** of technically qualified bidder(s) will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the Technical Bids. Financial Proposals of Technically non-qualified bidders will not be opened and thus will be returned sealed/unopened. **Place of Issuance, submission, inquiries and opening will be Address:-** Executive Engineer CW,PP&H Department (Roads) District Jhal Magsi at Gandawah. **TELEPHONE NO:- 0837-430089.**

E-Mail Address: **xenjhalmagsicommunicationoffice@gmail.com**

BID VALIDITY PERIOD: Ninety **(90 days). TERMS & CONDITIONS:-** Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents. A procuring agency may cancel the bidding process at any time prior to acceptance of bid or proposal, as per provision in BPRRA, rule 2014.

EXECUTIVE ENGINEER
CWPP&H(COMMUNICATION)DEPTT:
JHAL MAGSI AT GANDAWAH

PRQ No.2063/24-01-2023

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد و سب ایڈیٹر: نجم بلوچ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: بلت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

میں مدد ملے گی۔ وہ منگل کو یہاں پرائم منسٹر یوتھ بزنس اینڈ ایگری لون سکیم کے اجراء کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب، معاون خصوصی شزہ فاطمہ خواجہ، گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد، بینکوں اور مائیکروفنانس اداروں کے سربراہان اور کئی ممالک کے سفراء بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں بطور خادم اعلیٰ ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے انہوں نے نوجوانوں کیلئے کئی اقدامات اٹھائے، لاکھوں نوجوانوں کو پنجاب کے اپنے وسائل سے بلاسود قرضے مہیا کئے گئے، نوجوانوں کو لاکھوں لیپ ٹاپ میرٹ پر تقسیم کئے گئے، پنجاب کے علاوہ باقی صوبوں میں بھی لیپ ٹاپ کی فراہمی کی گئی، بینک آف پنجاب کے ذریعہ بے روزگار نوجوانوں کو گاڑیاں فراہم کی گئیں، اسی طریقے سے خود روزگار سکیم کے تحت ہم نے 40 ارب روپے کے قرضے تقسیم کئے جن کی ریکوری 99 فیصد تھی، اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ ہمارے نوجوان پرعزم ہیں، اس کے مقابلہ میں بینکوں سے جو قرضے لئے جاتے ہیں تو اربوں کے قرضے معاف ہوتے ہیں، یہ نوجوانوں کی پاکستان کے ساتھ عزم کی عکاسی کررہی ہے، اگر نوجوانوں کو وسائل اور حالات مہیا کئے جائے تو وہ پاکستان کو اقوام عالم میں کھویا مقام حاصل کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ 2013 میں وزیراعظم نوازشریف کی نگرانی میں 54 ہزار نوجوانوں کو لیپ ٹاپس فراہم کئے گئے، اس سے صرف ملک کے نوجوانوں کو نہیں بلکہ معیشت کو بھی فائدہ پہنچا، ماضی میں ہم پر تنقید ہوتی رہی کہ یہ سیاسی رشوت ہے میرا جواب ہوتا کہ کیا میں نوجوانوں کے ہاتھوں میں کلاشنکوف دیدوں، کوویڈ میں یہی لیپ ٹاپ نوجوانوں کی تعلیم اور روزگار کا ذریعہ بن گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ وہ زمانہ تھا جب حکومت پاکستان اور صوبائی حکومتوں نے نوجوانوں کیلئے روزگار کی سکیمیں شروع کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج پاکستان کے وسائل پر بہت بوجھ ہے، آج سٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی قیادت میں سٹیٹ بینک، کمرشل اور مائیکروفنانس کمپنیوں کے تعاون سے اس سکیم کا آغاز کیا ہے، محدود گنجائش کے باوجود اس کیلئے ہم نے وسائل مہیا کئے ہیں، اس سکیم کے تحت نوجوانوں کو 5 لاکھ سے لیکر 75 لاکھ روپے تک قرضے فراہم کئے جائیں گے، 5 لاکھ روپے تک کے قرضے بلاسود ہوں گے اور ان کی واپسی کی مدت تین سال ہوگی، 5 سے پندرہ لاکھ روپے تک کے قرضوں پر شرح سود 5 فیصد ہوگا۔ 15 سے 75 لاکھ روپے تک کے قرضوں پر شرح سود 7 فیصد ہوں گی اور اس کی واپسی کی مدت 8 سال ہوں گی۔

شال بقیہ 2

کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے گلوبل پارٹنرشپ فار ایجوکیشن پراجیکٹ کے 1493 کانٹریکٹ اساتذہ کو مستقلی کے آرڈرز بھی جاری کیے ہیں اور طلباء اور اساتذہ کو انکے تعلیمی اداروں میں آمدورفت کے لیے ٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں اسامیوں اساتذہ کی بھرتی کا عمل جاری ہے اور صوبے میں دو گرلز کیڈٹ کالجز بھی قائم کئے گئے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم سب کو ایک پڑھے لکھے معاشرے کی تشکیل کے لئے انتہائی طور پر اپنا اہم کردار ادا کرنا ہے اور صوبے کے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے ہمیں یقین کامل ہے کہ پڑھے گا بلوچستان تو آگے بڑھے گا بلوچستان کیونکہ ترقی کا واحد زینہ تعلیم ہی ہے دریں اثناء صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے تعلیم کے عالمی دن کے موقع پر اپنے جاری پیغام میں کہا ہے کہ عصر حاضر میں صوبے اور قومی ترقی کا انحصار تعلیم پر ہے اور اس سلسلے میں صوبائی حکومت نے تعلیم کو اولین ترجیح میں رکھا ہے اور تعلیم سے ہی ہم دنیا میں اپنی قومی تشخص کو اجاگر کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورلڈ ایجوکیشن ڈے کے موقع پر اپنے جاری پیغام میں کیا وزیرداخلہ میر ضیاء کا کہنا تھا کہ ملک عالمی سطح پر میدان علم میں اپنا حصہ ڈال کر باوقار، تہذیب یافتہ اور قابل احترام اقوام کی صف میں شامل ہو جبکہ صوبائی حکومت اپنے قیام سے لے کر اب تک اسی جذبے اور مقصد کے لیے کام کر رہی ہے۔ ہم نے دنیا کے چیلنجز کا سامنا صرف تعلیمی ترقی سے ہی کر سکتا ہے اور جہاں تعلیم عام ہوگی وہاں پر امن ہوگا۔

شال بقیہ 3

ٹکٹ پر منتخب ہونے والے اب صرف منحرف ارکان ہی باقی بچے ہیں۔ دوسری جانب قومی اسمبلی کے ذرائع نے بتایا کہ اسپیکر نے 22 جنوری کو باقی 43 اراکین کے استعفے منظور کرکے الیکشن کمیشن کو بھجوادیئے تھے اس لیے 23 جنوری کو ای میل اور واٹس ایپ درخواستیں خلاف ضابطہ تھیں، استعفے 22 جنوری کو منظور کیے گئے تھے اس لیے 23 جنوری کو واپسی کی درخواستیں غیر مؤثر تھیں۔ ذرائع کے مطابق 22 جنوری کو اسد قیصر اور فواد چوہدری نے میڈیا ٹاک میں باقی اراکین کے استعفے منظور نہ کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ یاد رہے کہ چند روز قبل بھی اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے پاکستان تحریک انصاف کے 34 اراکین قومی اسمبلی اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کے استعفے منظور کیے تھے۔ اس کے علاوہ اسپیکر قومی اسمبلی نے جولائی 2022 میں بھی پی ٹی آئی کے 11 اراکین قومی اسمبلی کے استعفے منظور کیے تھے جس میں سے کراچی سے رکن قومی اسمبلی شکور شاد نے عدالت میں درخواست دائر کرکے اپنے استعفے کی درخواست واپس لے لی تھی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے 20 جنوری کو پی ٹی آئی کے مزید 35 ارکان کے استعفے منظور کیے تھے۔ اب مزید 43 استعفوں کی منظوری کے بعد مجموعی طور پر پاکستان تحریک انصاف کے 122 اور شیخ رشید کا ایک استعفیٰ ملا کر 123 اراکین کے استعفے منظور ہو چکے ہیں۔

شال بقیہ 4

سکول، کالجز، ہسپتال سمیت تمام بنیادی سہولیات مہیا کی ہیں، عوام کو اونرشپ دینے سے اثاثے بھی ضائع نہیں ہوتے اگر کام کروا کر چھوڑ دیا جائے تو اس سے عوام کے پیسے ضائع ہوتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے کہا کہ مجھے ترقی اور چیزوں کو بہتر بنانے کا شوق ہے ہمارا خاندان گزشتہ 50 سال سے سیاست کررہا ہے جبکہ میں 2002 میں سیاست میں آیا دریجی میں 25 سال پہلے نہ بجلی، نہ پانی اور نہ ہی سڑک تھی لیکن آج دریجی میں ہسپتال، ایمبولینس، سکول، سڑکیں، لائبریری ہیں، دوریجی میں امن وامان کی فضا ہے علاقے میں پانی کی فراہمی کے لئے 40 چھوٹے بڑے ڈیم بنائے گئے ہیں جس سے علاقے میں پانی کی سطح بلند ہوئی ہے اب کئی سال پہلے ہجرت کرجانے والے لوگ دوبارہ آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے بعد ہمارا وسیلہ عوام ہیں جنہوں نے گزشتہ 50 سال سے ہمارے خاندان پر مسلسل اعتماد کا اظہار کیا جس کے بدلے ہم نے عوام کے لئے کام کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو اونرشپ دینے سے اثاثے بھی ضائع نہیں ہوتے اگر کام کروا کر چھوڑ دیا جائے تو اس سے عوام کے پیسے ضائع ہوتے ہیں میں نے گزشتہ 10 سالوں کے دوران سینکڑوں گاؤں، دیہاتوں کو بجلی فراہم کی اور سڑکیں بنائیں، اسکول اپ گریڈ کئے، گرلز اور بوائز انٹر کالجز اور ڈگری کالج قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے بڑے بھائی سردار محمد صالح بھوتانی نے بھی حلقے میں بہت سے کام کروائے ہیں اگر کام کرنے کی نیت ہو تو وہ کام بغیر رکاوٹ کے ہوجاتا ہے عوام ہمیں اسی لئے منتخب کرتے ہیں کہ ہم علاقوں کو ترقی دیں لیکن ہر ایک کی اپنی ترجیحات ہوتی ہیں ہماری ترجیح ہے کہ جو کچھ ملے وہ عوام پر خرچ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے حلقے میں ڈیمز پر کام ہو رہا ہے صوبے میں بے تحاشا پانی ہے ہمارے پاس وسائل بھی ہیں، میرے حلقے گوادر میں بھی پانی کا مسئلہ ہے وہاں پانی نہ ہونے کی وجہ سے کوئی بھی صنعت اب تک کامیاب نہیں ہوسکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاستدان انا کا شکار ہوکر اپنی لڑائی میں عوام و علاقے کا نہیں سوچتے اگر ہم دست وگریباں ہوئے بغیر عوام اور ملک کے لئے سوچیں تو ملک بہتر ہوسکتا ہے ہم لوگوں کی تکالیف بھول گئے ہیں جو دیکھ کر دکھ ہوتا ہے میری تمام پارلیمنٹیرینز سے گزارش ہے کہ عوام نے ہمیں اپنے مسائل حل کرنے کے لئے منتخب ہوکر بھیجا ہے ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ ہم انکے مسائل حل نہ کہ عوام آنے کے لئے اپنی جانیں دیں۔

شال بقیہ 5

کے لئے ہر سال خصوصی مہم بھی چلائی جاتی ہے شہری تھوڑی سی لاپرواہی کرتے ہوئے سردی سے بچنے کے لئے گیس ہیٹر کو بند کرنے میں غفلت کا مظاہرہ کرتے ہیں جس کے باعث وہ زندگی کی بازی ہار جاتے ہیں۔

شال بقیہ 6

کابینہ سے اجازت مانگی بھی جو نہ ملی۔ عمران خان کے خلاف کرپشن کے ثبوت موجود ہیں گرفتاری کا فیصلہ اداروں نے کرنا ہے، مریم نواز کو وزیراعلیٰ پنجاب ہونا چاہیے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مریم نواز نے ثابت کیا کہ وہ چیف آرگنائزر کے عہدے کی اہل ہیں، نوازشریف الیکشن سے پہلے پاکستان واپس جا رہے ہیں، تاریخ کا اعلان وہ خود کریں گے۔ وزیرداخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پروجیکٹ عمران خان میں 5 لوگوں کا نام فائنل ہوگیا ہے جنہیں عوام کے سامنے لایا جائے گا۔ نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے وزیرداخلہ نے کہا کہ پروجیکٹ عمران خان کو لانچ کرکے 2018 میں ملک پر مسلط کیا گیا، اس شخص نے پاکستان کو آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھوا دیا، مالیاتی ادارہ روز بجلی اور گیس کی قیمتیں بڑھانے کو کہتا ہے۔ وزیرداخلہ نے کہا کہ عمران فتنے کا قوم کو شناخت اور ادراک کرنا چاہیے، ووٹ کی طاقت سے اس فتنے کو مائنس نہ کیا تو یہ تباہی لائے گا، نوازشریف کے خلاف سب سے بڑا سازشی عمران خان تھا، انہوں نے کہا کہ عمران ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ وہ نجات دہندہ تھے، عمران خان لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں، عمران خان کا ایک ہی ایجنڈا ہے کسی طرح اقتدار مل جائے۔ وزیرداخلہ نے کہا کہ نوازشریف چاہتے ہیں عام انتخابات اپنے مقررہ وقت پر ہوں، نوازشریف آئندہ انتخابی مہم خود لیڈ کریں گے، نوازشریف کی واپسی پر پورا پنجاب اور پاکستان جمع ہوگا۔

شال بقیہ 7

ملک در بدر ہو رہا ہو اور اس کا کوئی پرسان حال نہ ہو، ملک میں معاشی تباہی ہے ریزرو 4 بلین سے بھی نیچے چلے گئے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں ایک ہو کا عالم ہے، گھمبیر اور نہایت ہی خوفناک حالات ہیں، اب بات سیاست سے آگے نکل گئی ہے اور ملک خانہ جنگی کی طرف جارہا ہے، زمین اتنی گرم ہے کہ لوگ اپنے بچوں کا پیٹ بھرنے سے بھی تنگ ہیں۔

شال بقیہ 8

کہ ذہنی صحت کی خدمات کو آبادی تک پہنچانے کو توجہ اور اہمیت دی جا رہی ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دماغی صحت کی سہولیات صحت مند معاشرے اور ملک کی ترقی کے لیے اہم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اسٹیک ہولڈرز مالی ضروریات کا تعین تکنیکی ضرورت، ماہرین کی خدمات اور مطلوبہ ضروری فزیکل انفراسٹرکچر کو مدنظر رکھتے ہوئے کرسکتے ہیں۔ عارف علوی نے کہا کہ برطانیہ اور دیگر ممالک میں مقیم پاکستانی ماہرین نفسیات کو معیاری، مستند اور پیشہ ورانہ مشورے فراہم کرنے کے لیے نظام میں شامل کیا جانا چاہیے۔ صدر مملکت نے کہا کہ برطانیہ میں پاکستانی نژاد 2000 کے قریب ماہر نفسیات موجود ہیں جنہیں سسٹم میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ عارف علوی نے کہا کہ دماغی صحت کی خدمات فراہم کرنے والے نظام کو صحت کے اداروں میں دستیاب موجودہ وسائل کے ساتھ مربوط کیا جانا چاہیے۔ صدر مملکت نے کہا کہ خودکشی کو اب پاکستان میں جرائم سے علیحدہ کر دیا گیا ہے اور اسے ذہنی صحت کا مسئلہ سمجھا جاتا ہے، ذہنی صحت فراہم کرنے والے نظام کو جانچنے، مکمل طور پر فعال بنانے کے بعد ایک جامع میڈیا مہم کی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نظام میں کالوں کو ریکارڈ کرنے کے لیے ایک مربوط طریقہ کار ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 9

وٹیکنالاجی کے علوم کی حوصلہ افزائی کرنا ہوگا۔ پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ ان کی جماعت نے ہمیشہ شعبہ تعلیم وتربیت کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے بانی چیئرمین قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے دور حکومت میں ماضی کے مقابلے میں سب سے زیادہ اسکول اور تعلیمی ادارے قائم کیے۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے بھی بطور وزیراعظم ملک میں تعلیمی اداروں کے قیام کے ساتھ ساتھ خواتین کی تعلیم وتربیت پر بھی خصوصی توجہ دی۔ صدر آصف علی زرداری کی زیر قیادت پاکستان پیپلز پارٹی کی سابقہ حکومت نے بھی ملک میں سب سے زیادہ یونیورسٹیاں قائم کیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ 1973ء کا آئین تمام بچوں کو تعلیم کی یکساں سہولیات تک رسائی ان کا بنیادی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام بچوں اور نوجوانوں کو معیاری تعلیم کی بلاتفریق فراہمی پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم صرف معیاری وجدید ٹیکنالوجی سے لیس نظام تعلیم کے ذریعے ہی پاکستان کو ترقی یافتہ اقوام کی صف میں کھڑا کرسکتے ہیں۔

شال بقیہ 10

رجسٹرار سپریم کورٹ نے بھی اراکین سے ملاقات کے لئے انکار کردیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق چیف جسٹس سے ملاقات کیلئے آنے والے اراکین قومی اسمبلی کی تعداد 8 تھی جو جسٹس عمر عطا بندیال سے پی ٹی آئی کے استعفوں کی منظوری سے متعلق ملنا چاہتے تھے۔

شال بقیہ 11

اطلاعات ونشریات کی بریفنگ قابل تعریف ہے، ملک گیر مہم کو جلد چلایا جائے، صوبہ خیبر پختونخوا اور صوبہ پنجاب میں نگران حکومتوں کو بھی توانائی بچت منصوبوں کے حوالے سے اعتماد میں لیا جائے۔ منگل کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس منگل کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے وفاقی کابینہ کے ممبران کو اجلاس میں خوش آمدید کہا۔ کابینہ نے ملک میں بجلی کے نظام میں آنے والے بڑے تعطل کو مستقبل میں رونما ہونے سے روکنے اور اس کی وجہ بننے والے عوامل کے مستقل تدارک کیلئے جامع حکمت عملی کی تیاری کا حکم دیا جبکہ عوام کو بجلی، پانی، گیس سمیت دیگر وسائل کی بچت کی عادت ڈالنے اور اس کی اہمیت سے آگاہ کرنے کیلئے اپنی نوعیت کی پہلی ملک گیر عوامی آگہی مہم کی منظوری دیدی، توانائی کی بچت کی عادتوں کو عام کیا جائے گا اور عالمی سطح پر رائج طریقوں کو تعلیمی نصاب میں شامل کیا جائیگا، سرکاری، نجی، گھریلو اور تجارتی مقامات پر بجلی، گیس، پانی کی بچت سے پٹرولیم مصنوعات سے متعلق امپورٹ بل میں نمایاں کمی ہوگی جو گزشتہ 7 سال میں دوگنا ہوچکا ہے۔ توانائی کی بچت کے قومی رویے میں تبدیلی سے نہ صرف اربوں روپے کا غیر ملکی زرمبادلہ بچے گا بلکہ انفرادی سطح پر عوام کے بل میں 30 سے 40 فیصد کی نمایاں کمی بھی ہوگی۔ وزیراعظم نے گزشتہ روز (23 جنوری 2023) کو ملک میں بجلی کے تعطل پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام اور کاروباری برادری کو جس تکلیف اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑا ہے، وہ ناقابل قبول ہے، مستقبل میں ایسے کسی واقعے کو برداشت نہیں کروں گا۔ وزیراعظم نے سخت ہدایت کی کہ عوام اور کاروباری برادری کو مشکل اور پریشانی میں مبتلا کرنے کے ذمہ داروں کا واضح تعین کیا جائے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ بجلی تعطل کی وجہ بننے والے عوامل کا بھی تعین کیا جائے اور ایسے اقدامات کو یقینی بنایا جائے جن سے مستقبل میں ایسی کسی صورتحال پیدا نہ ہو۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ بجلی کے تعطل پر وزیراعظم کی تشکیل کردہ اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔

شال بقیہ 12

کہ الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 39 کے تحت انتخابات کے شیڈول کیا جاری ہوتے ہی انتخابی فہرستوں کو منجمد کر دیا جائے گا۔ جس کے بعد ووٹ کے اندراج، منتقلی اور درستگی کا عمل الیکشن کے انعقاد تک روک دیا جائے گا۔ عوام الناس اور رائے دہندگان کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ انتخابی فہرستوں میں ووٹ کا اندراج ومنتقلی، حذف اور درستگی کوائف کروالیں۔ عوام الناس سے اپیل ہے کہ اپنے ووٹ کے اندراج کی تفصیلات جاننے کے لیے 8300 پر شناختی کارڈ نمبر ایس ایم ایس کریں اور ووٹ اندراج ومنتقلی کے لیے فارم نمبر 21، کسی ووٹ پر اعتراض/حذف کے لئے فارم نمبر 22 اور درستگی کوائف کے لیے فارم نمبر 23 متعلقہ دفتر ضلعی الیکشن کمشنر میں جمع کروایا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات اور فارم الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائیٹ www.ecp.gov.pk یا متعلقہ دفتر ضلعی الیکشن کمشنر سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

شال بقیہ 13

جولائی 2020 میں سامنے آیا تھا۔ وزیر صحت نے مزید بتایا کہ گلشن راوی میں پائے جانے والے وائرس کا تعلق ننگر ہار افغانستان میں پائے جانے والے پولیو وائرس سے ہے۔ عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان پولیو کے خلاف جنگ میں متحد ہیں۔

شال بقیہ 14

مطابق وسکو کے تمام 113، آئیسکو کے تمام 111 اور گیپکو کے تمام 60 گرڈ اسٹیشنوں کی بجلی بحال کردی گئی۔ اس کے علاوہ لیسکو کے تمام 176، فیسکو کے تمام 110 اور میپکو کے تمام 138 گرڈ اسٹیشنوں کی بجلی بحال کردی گئی۔

شال بقیہ 15

کے سفیر بھی شریک تھے۔ دونوں ملکوں کے وزرائے خزانہ کی ملاقات میں تجارت، ٹیکنالوجی، زراعت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تاریخی اور مضبوط تعلقات ہیں۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے علی بن احمد الکواری کو دورہ پاکستان کی بھی دعوت دی۔ انہوں نے فیفا ورلڈ کپ کے کامیاب انعقاد پر قطری وزیر خزانہ کو مبارکباد بھی دی۔

شال بقیہ 16

بلوچستان کو بجلی فراہم کرنے والی 220kV اوچ سبی، 220kV دادو۔ خضدار 220kV ڈیرہ غازیخان۔ لورالائی اور 220kV ڈیرہ مراد جمالی ٹرانسمیشن لائن سے بجلی کی فراہمی مکمل طور پر بحال ہوگئی ہے اور کیسکو کے زیر انتظام صوبہ کے تمام اضلاع کے تمام گرڈ اسٹیشنز اور ان سے منسلک فیڈروں کو اب معمول کے مطابق بجلی کی فراہمی جاری ہے۔ ترجمان نے کہا چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر عبدالکریم جمالی بجلی بحالی کے عمل کی مسلسل خود نگرانی کرتے رہے۔ نیشنل گرڈ سے بجلی کی دوبارہ فراہمی اور 220Kv میں ٹرانسمیشن لائن سے بجلی بحالی کے بعد چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی خصوصی ہدایت پر کیسکو کے پاور ڈسٹری بیوشن سنٹر (پی ڈی سی) کا عملہ لوڈ مینجمنٹ کرتے رہے اور رات تک کوئٹہ شہر کو مکمل طور پر بجلی کی فراہمی کو ممکن بنایا گیا جبکہ پیر اور منگل کی درمیانی شب رات کے تقریباً 3 بجے تک صوبہ کے دیگر تمام متاثرہ علاقوں کو بھی بجلی کی فراہمی کو مکمل طور پر یقینی بنایا۔ ترجمان نے مزید کہا کہ کیسکو پاور ڈسٹری بیوشن (پی ڈی سی) کا عملہ ڈسٹری بیوشن سسٹم کو محفوظ رکھنے کیلئے مرحلہ وار بجلی بحالی کے عمل کو جاری رکھا اور اب معمول کے مطابق کوئٹہ سمیت صوبہ کے تمام علاقوں کو بجلی کی فراہمی جاری ہے۔ تاہم اس دوران کیسکو نے بجلی کی بندش پر تمام صارفین سے معذرت کی ہے اور تعاون پر انکا شکریہ بھی ادا کیا ہے۔ واضح رہے کہ پیر 23 جنوری کی صبح 7 بجکر 34 منٹ پر نیشنل گرڈ کی سسٹم فریکوئنسی کم ہوگئی جس کے باعث بجلی کے نظام میں ملک گیر سطح پر وسیع بریک ڈاؤن ہوا۔ بریک ڈاؤن آنے کی وجہ سے صوبہ کے 30 اضلاع کو بجلی کی فراہمی معطل ہوئی۔

شال بقیہ 17

ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق لیویز تھانہ باریچہ کی حدود گڑھ شریف روڈ پر نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے لیویز اہلکار علی حسن سے موٹرسائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کردی جس سے سپاہی علی حسن شہید جبکہ جوابی فائرنگ کے نتیجے میں ایک ڈاکو غلام عمر ہلاک ہوگیا۔ لیویز نے نعشیں قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچادیں اور مزید کارروائی شروع کردی۔

شال بقیہ 18

امور حکومت بلوچستان کے جاری کردہ ایک اعلامیہ کے مطابق تربت میں حالیہ پرتشدد واقعات کے پیش نظر فوری طور پر دو مہینے کیلئے دفعہ 144 نافذ کردی گئی ہے دفعہ 144 کے دوران ہر قسم کے اسلحے کی نمائش، ہوائی فائرنگ اور موٹر سائیکل پر ڈبل سواری پر پابندی ہوگی۔

شال بقیہ 19

محمد علی حسن نے لیویز فورس کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے قتل میں مطلوب ملزم محمد عمران کو گرفتار کرلیا ملزم نے فائرنگ کرکے 2 سگے بھائیوں کو ہلاک جبکہ ایک کو زخمی کردیا تھا لیویز نے ملزم سے تفتیش شروع کردی۔

شال بقیہ 20

پینے کی چیزوں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوا۔ اکتوبر 2021 میں کھانے پینے کی اشیا میں مہنگائی کی شرح 3,8 فیصد تھی جو مارچ 2022 میں 3,15 فیصد اور سیلاب کے بعد ستمبر میں 7,31 فیصد تک چلی گئی۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں گزشتہ مون سون کے دوران طوفانی بارشوں اور بدترین سیلاب نے تباہی مچادی تھی جس کے نتیجے میں نہ صرف سینکڑوں لوگ اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے بلکہ لاکھوں مویشی بھی ہلاک ہوئے تھے۔ سیلاب کے باعث 94 لاکھ ایکڑ اراضی پر کھڑی فصلیں تباہ ہو گئی تھیں۔ نیز پاکستان میں بارشوں اور بدترین سیلاب کے نتیجے میں 60 لاکھ افراد کو غذائی عدم تحفظ کا سامنا ہے۔

شال بقیہ 21

اظہار کیا۔ شہباز شریف نے ٹوئٹر پر گزشتہ روز ہونے والے بریک ڈاؤن کے بعد کی صورت حال پر عوام سے معذرت کی ہے۔ انہوں نے اپنے ٹوئٹ میں لکھا کہ میں اپنی حکومت کی جانب سے گزشتہ روز بجلی کی بندش کی وجہ سے ہمارے شہریوں کو پہنچنے والی تکلیف پر معذرت خواہ ہوں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے لکھا کہ میرے حکم پر اس بریک ڈاؤن کی وجوہات جاننے کے لیے انکوائری جاری ہے اور اس کے ذمے داروں کا تعین بھی کیا جائے گا۔

شال بقیہ 22

کے غیر ملکی دوروں کے ثمرات پاکستان کو مل رہے ہیں۔ اپنے بیان میں ساجد حسین طوری نے کہا کہ موجودہ حکومت نے روزگار کیلئے 654240 پاکستانیوں کو بیرون ملک بھیجا، عمران خان کے دور میں 10 لاکھ سے زیادہ پاکستانی بیروزگار ہوکر وطن واپس آئے تھے، عمران خان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان کو سخت نقصان پہنچا۔ ساجد حسین طوری نے کہا کہ عمران خان نے پاکستان کو عالمی سطح پر تنہائی کا شکار کردیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی بات دنیا سنتی ہے اور عزت دیتی ہے، شہید قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو نے ہر پاکستانی کو پاسپورٹ جاری کرنے کا حق دیا، آج دنیا بھر میں پاکستانی آباد ہیں تو یہ شہید بھٹو کا کارنامہ ہے۔

شال بقیہ 23

تردید کردی۔ ترجمان اوگرا کے مطابق ملک بھر میں پٹرول اور ڈیزل کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ملک میں بالترتیب 18 اور 37 دنوں کی مانگ کو پورا کرنے کیلئے پٹرول وڈیزل کے ذخائر دستیاب ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پٹرول کے ایک لاکھ ایک ہزار میٹرک ٹن کے حامل بحری جہاز برتھ پر ہیں اور مقامی ریفائنریز پٹرولیم مصنوعات کی طلب کو پورا کرنے میں بھرپور کردار ادا کررہی ہیں۔

شال بقیہ 24

ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے۔ وکیل نوید انجم نے کہا کہ انور منصور اس کیس کی سماعت کیلئے ہائی کورٹ میں مصروف ہیں، ساڑھے 11 بجے تک کیس کی سماعت ملتوی کردیں۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے کہا کہ فواد چوہدری کراچی میں ہیں، اسد عمر بھی شہر سے باہر ہیں اور عمران خان زخمی ہیں، ان تینوں کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دے رہے ہیں۔ ممبر کمیشن نے پی ٹی آئی وکیل سے سوال کیا کہ حاضری سے کب تک استثنیٰ لیں گے؟ کیا بڑے لوگوں کی قانونی ذمے داری نہیں کہ پیش ہوں؟ ممبر کمیشن نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ ہم وارنٹ نکالیں تو ہائیکورٹ معطل کرتا ہے اور کہتا ہے کارروائی جاری رکھیں، ہم نے کہا ہے فرد جرم عائد ہونے ہیں اس لیے پیش ہوں، آپ نہیں آتے تو ہم 512 کی کارروائی شروع کریں گے۔ پی ٹی آئی وکیل نوید انجم نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ عمران خان، اسد عمر اور فواد چوہدری آئندہ سماعت پر پیش ہوں گے۔ الیکشن کمیشن نے کیس کی سماعت 7 فروری تک ملتوی کردی۔

شال بقیہ 25

50 ہزار روپے سے زیادہ کی بینک ٹرانزیکشن پر ود ہولڈنگ ٹیکس عائد ہوسکتا ہے، ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل افراد پر مجوزہ ٹیکس لاگو نہیں ہوگا۔ ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ نان فائلرز پر ود ہولڈنگ ٹیکس عائد کرنے سے 45 سے 50 ارب روپے آمدن کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ٹیکسوں میں اضافے سے متعلق مجوزہ صدارتی آرڈیننس کیلئے بعض دیگر تجاویز پر بھی کام جاری ہے۔

شال بقیہ 26

ریفارمز کا قلمدان سونپ دیا۔ وزیراعظم نے گزشتہ ہفتے قیصر ہارون کو معاون خصوصی تعینات کیا تھا، معاون خصوصی قیصر ہارون کے پاس کوئی قلمدان نہیں تھا۔

شال بقیہ 27

اور میونسپل عملے کے ہمراہ دندر بازار کا دورہ کیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز اسسٹنٹ کمشنر سلطان علی چیف آفیسر عنایت اللہ راہشور نے شہر میں ہوٹلوں اور دکانوں میں صفائی ستھرائی معائنہ کیا کارروائی کے گرام چیک کیے اور تاجران کو کہا کہ صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ ناپ تول میں انصاف سے کام لیں اشیا خورد ونوش کی قیمتوں میں خلاف قانون اضافہ قبول نہیں کیا جائے گا اس بابت عوامی شکایات آئیں تو سختی سے نمٹا جائے گا۔ اس موقع پر ریڈر مراد بخش مونڈرہ محمد جمن انگاریہ ودیگر ہمراہ تھے۔

شال بقیہ 28

اس کے علاوہ سندھ پولیس مشرقی یورپ کے ملک آرمینیا سے بھی جدید رائفلز اور اندھیرے میں کارگر جدید دوربینوں اور کمانڈ اینڈ کنٹرول وہیکلز کی بھی خریداری کررہی ہے۔

شال بقیہ 29

مفادات مشترکہ ہیں لہٰذا پاکستان اور بھارت کو مذاکرات کرنے کا مشورہ دیتے ہیں، پاکستان اور بھارت میں مذاکرات کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں امن وامان چاہتے ہیں، پاکستان اور بھارت کے ساتھ تعلقات کی الگ الگ نوعیت ہے، پاکستان اور بھارت کے مذاکرات دو طرفہ معاملہ ہے اس لیے پاکستان، بھارت کو تمام معاملات بات چیت سے حل کرنا ہوں گے۔ نیڈ پرائس نے مزید کہا کہ امریکا پاکستان کی مدد جاری رکھے گا، پاکستان میں توانائی بحران سے آگاہ ہیں اور سلسلے میں تعاون جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 30

پروفیسر ڈاکٹر سروش حشمت لودھی، پروفیسر ڈاکٹر محمد خالد انیس اور پروفیسر ڈاکٹر تنویر خالد کو سینیٹ ممبر تعینات کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 31

ایل سیز نہیں کھل رہیں، صنعتیں بند ہورہی ہیں، بے روزگاری میں اضافہ ہورہا ہے، پڑھے لکھے افراد بیرون ملک جانے پر مجبور ہوچکے ہیں، حکومت کے پاس ملک چلانے کیلئے کوئی منصوبہ بندی نہیں، اسے عوام کے مسائل اور پریشانی سے کوئی سروکار نہیں۔ وہ اقتدار کو طول دینے کیلئے منصوبہ بندی کررہی ہے، پی ڈی ایم کے پاس پاکستان کیلئے بڑے فیصلے لینے کا مینڈیٹ نہیں، ملک بچانے کیلئے فوری اور شفاف انتخابات کروانا ہوں گے، عوامی مینڈیٹ کی حامل حکومت کو فیصلے کرنے کا اختیار دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں این اے 156 کی یونین کونسل 47 میں مختلف مقامات پر تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پی ٹی آئی رہنما حاجی اختر بھٹہ، شیخ طاہر چوہدری، ساجد نصیر، سابق یوتھ کونسلر عمران سومرو، یاسر بھٹہ، صوفی اکرم، شریف کمبوہ، اکرم شاہ، ماسٹر طاہر، فیاض رحمانی، ساغر شاہ، بنی شاہ، فلک شیر، ڈو ایڈووکیٹ، ضیاء، خان کاکڑ، اشتیاق گجر، بلال بھٹی، یوسف بز، حیات، فیاض بھٹی، راؤ یاسر سمیت یونین کونسل کے عمائدین کثیر تعداد میں موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ملک میں شفاف انتخابات کروانا چاہتی ہے۔ پنجاب میں جانبدار نگران وزیراعلیٰ کی تعیناتی پر احتجاج ریکارڈ کرارہے ہیں۔ حکومت من پسند لوگوں کو لاکر مرضی کے نتائج چاہتی ہے۔ ہم نے بہترین لوگوں کے نام دیئے۔ تحریک انصاف ایسے لوگوں کو لانا چاہتی ہے جن کی تعیناتی سے تنازعہ نہ کھڑا ہو اور جن میں شفاف انتخابات کرانے کی اہلیت ہو جن کی شہرت اچھی ہو۔ ہم نے ایسی شخصیات کے نام دیے جن کے ساتھ ان لیگ کام کرچکی تھی۔ لیکن حکومت نے پنجاب میں محسن نقوی کا تقرر کرکے آنے والے الیکشن کو متنازعہ بنا دیا۔ نگران وزیراعلیٰ پر کیسز ہیں، ان کا کردار مشکوک ہے۔ رجیم چینج میں انکا کردار تھا۔ ان کی تعیناتی پر ان کے عزیز بھی معترض ہیں۔ کیا حکومت کو 22 کروڑ عوام میں کوئی ایسا شخص نہیں ملا جو غیر متنازعہ ہو۔ انہوں نے کہ پی کے میں ہماری اکثریت تھی۔ ہم نے آئین اور قانون کے مطابق اپوزیشن کی طرف سے بھیجے گئے ناموں میں سے موزوں شخص کو نگران وزیراعلیٰ بنایا۔ ہم پنجاب میں بھی یہی پریکٹس چاہتے تھے۔ لیکن حکومت نے جانبدار شخص اور متنازعہ شخص کا بطور نگران وزیراعلیٰ تقرر کرکے سیاسی کھلواڑ کیا۔ تحریک انصاف اس تقرری پر ملک بھر میں سراپا احتجاج ہے۔

شال بقیہ 32

ہے الیکشن کمیشن غیر جانبداری سے شفاف الیکشن کیلئے اپنی ذمہ داری ادا کرنے میں ناکام ہے، پنجاب میں متنازعہ ترین افسران کو تعینات کیا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی مخالف شہرت رکھنے والے آفیسرز کو اہم عہدوں پر تعینات کیا جا رہا ہے، عمران خان کرپٹ مافیا کے آگے ڈٹ کر کھڑا ہے۔

شال بقیہ 33

میں کی گئی اس دوران متعدد عارضی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا جبکہ متعدد دکانداروں کو تنبیہ بھی کی گئی اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ شہر بھر میں انسداد تجاوزات کے خلاف مہم جاری رہے گی جبکہ سرکاری نرخ عوام پر اشیاء خوردونوش کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے بھی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ عوام گرانفروشوں کی نشاندہی کریں بلاتاخیر کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ دکانداروں سے گزشتہ روز بھی اپیل کی ہے کہ دکانوں کے آگے تجاوزات سے ٹریفک وپیدل روانی میں خلل ہوتا ہے لہٰذا انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کیا جائے، ورگرنہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شال بقیہ 34

حاجی منظور مینگل، جماعت اسلامی کے سابق ضلعی امیر حافظ مطیع الرحمان مینگل، پیپلز پارٹی کے جنرل سیکرٹری ابراہیم بلوچ، بلوچستان عوامی پارٹی کے جنرل سیکرٹری میر عبدالرحمن لانگو نیشنل پارٹی کے فاروق بلوچ، جے یو آئی نظریاتی کے ملک فدا الرحمن ریکی، پی ایس او ڈی سی لوشکی نجیب مینگل نے شرکت کی، اجلاس میں آل پارٹیز کے نمائندوں نے ضلع میں امن وامان، گیس، بجلی، مہنگائی ودیگر مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ امن وامان سمیت دیگر مسائل سے عوام کو سخت مشکلات پیش آرہی ہیں، جبکہ لوگوں کو لوٹنے کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے، لوگ اپنے کو شہر وگردونواح میں غیر محفوظ سمجھتے ہیں، لوگوں کے جان ومال کے تحفظ کے لئے سیکورٹی فورسز کو کردار ادا کرنا چاہئے۔ ڈپٹی کمشنر خرم خالد بلوچ اور ایس پی عبدالروف بزنجو نے اجلاس میں آل پارٹیز کے نمائندوں کو یقین دلایا کہ ضلع میں ایف سی، پولیس اور لیویز کے مشترکہ گشت شروع کئے جائیں گے، عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے سیکورٹی فورسز اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی، عوام دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا، عوام کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کوشش کریگے شہر کے مین جگہوں پر عوام، آل پارٹیز اور تاجران کے تعاون سے سیکورٹی کیمرے بھی لگائیں جائیں گے، اس موقع پر گیس اور بجلی لوڈشیڈنگ کے حوالے متعلقہ آفیسران نے مسائل سے آگاہ کیا، آخر میں ڈپٹی کمشنر خرم خالد بلوچ نے متعلقہ آفیسران کو عوامی مسائل حل کرنے کے لئے احکامات بھی جاری کئے۔

شال بقیہ 35

اتحادی نہیں ہے خواتین کے حقوق کیلئے آواز اٹھانا میرا فرض ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سالانی کالونی مچھ میں اپنے تنظیمی دورے کے موقع پر بلال سالانی ہاؤس مچھ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ بی این پی کے مرکزی کمیٹی کی خاتون رکن شائلہ اسماعیل ڈسٹرکٹ خواتین سیکرٹری کوئٹہ منورہ سلطانہ سالانی بی این پی بولان کے آرگنائزر امین دانش بلال احمد سالانی دینار خان سالانی بہاول خان سالانی ولی بابر سالانی بابو خیر جان سالانی محمد عمر سالانی بھی تھے جبکہ اس سے قبل شکیلہ نوید دہوار نے سالانی کالونی میں خواتین یونٹ کا باقاعدہ افتتاح اور خواتین کو درپیش مسائل بھی سنے خواتین نے ان کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور انہوں نے ریلوے اسٹیشن مچھ کا دورہ بھی کیا مسافروں کے مسائل بھی دریافت کیے انہوں نے کہا کہ بی این پی مظلوم اقوام کی نمائندگی و نمائندہ جماعت اور ان کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں بلوچستان میں کسی بھی خاتون کیساتھ کوئی زیادتی ہو تو ان کیلئے ہماری جماعت ہر پلیٹ فارم پر آواز بلند کرتی ہے خواتین کو جائیداد میں حق دینے سے متعلق قانون موجود اور لاگو ہے خواتین جائیداد اور وراثت میں برابر کا شریک ہے شعور نہ ہونے کیوجہ سے خواتین جائیداد اور وراثت سے محروم ہیں جس کیلئے ذہن سازی کی ضرورت ہے معاشرے کی ہر باشعور افراد کو چاہیے کہ وہ اپنے کردار ادا کرے تاکہ لوگ بخوشی اپنے خواتین کو جائیداد وراثت میں حصہ دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا اپنا رسم ورواج ہے کیونکہ بلوچستان محبتوں کا گہوارہ رہا ہے اور مختلف قوموں کا ایک گلدستہ ہے جہاں تک قبائلی نظام کی بات ہے تو ہمارا یہ ایک بہترین نظام ہے جس کے ذریعے معاملات حل ہورہے ہیں انہوں نے کہا کہ معاشرے میں انفرادی طور پر کچھ خامیاں موجود ہیں جس کو آپ قبائلی نظام سے نہیں جوڑ سکتے بلوچستان میں چند بلٹ میں غیرت کے نام پر خواتین کا قتل ایک قابل افسوس اور مکروہ عمل ہے۔

شال بقیہ 36

ئی کسی سیاسی جماعت میں شمولیت کی باتیں پھیلانے والے سب سے پہلے خود اپنی جماعت چھوڑ چکے ہیں، میر عمر خان جمالی نے چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیاں تحلیل کرنے کے فیصلے کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین عمران خان نے پنجاب اور کے پی کے اسمبلیاں تحلیل کرکے اچھا اقدام اٹھایا، پی ڈی ایم جو نعرہ لگا کر حکومت میں آئی ان میں کسی پر عمل نہیں ہو رہا، ملک میں مہنگائی کئی گنا بڑھ چکی ہے، عوام کی قوت خرید جواب دے چکی، ملک معاشی و سیاسی بحران کے دلدل میں دھنس چکا ہے، عالمی مالیاتی ادارہ اور دوست ممالک تعاون کے لیے تیار نہیں ہیں، ایسے حالات میں الیکشن نہ کروانے سے مسائل مزید بڑھ جائیں گے، رواں سال جنرل الیکشن کا سال ہے، حکومت وقت پر شفاف انتخابات کروائے، انکا مزید کہنا تھا کہ حالیہ سیلاب سے بلوچستان میں بڑی تباہی ہوئی، اب بھی لاکھوں افراد بحالی کے منتظر ہیں، وفاق سیلاب متاثرین کی بحالی میں تعاون کرے تو سیلاب متاثرین کو دوبارہ اپنے گھروں میں آباد کیا جاسکتا ہے تاہم وفاق گیس رائلٹی کی مد میں بلوچستان کے واجبات تک ادا نہیں کررہا، صوبے کے مالی بحران کے خاتمے کے لیے وفاق فوری طور پر واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنائے، بلوچستان میں گندم کے بحران کے خاتمے میں جیکب آباد پولیس اور محکمہ خوراک سندھ رکاوٹ ہیں، تاجروں کی خریدی گندم سندھ کے پانچ اضلاع سے ہوتی ہوئی جیکب آباد پہنچتی ہے تو ٹرک روک دیئے جاتے ہیں اور بھاری رقم وصول کرکے ٹرک بلوچستان میں داخل ہونے دیئے جاتے ہیں جو سراسر ناانصافی ہے۔

شال بقیہ 37

جماعت پارلیمنٹ کے وقار اور توقیر کی قدر نہیں کرتی اسے پارلیمنٹ کا حصہ بنانے کا کوئی فائدہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کو ایوان کا اعتماد حاصل ہے حق اور سچ کی بات کرنے اور ضمیر کے مطابق فیصلہ کرنے والوں کو ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں لیکن پی ٹی آئی انہیں لوٹا کہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقیقت سب پر عیاں ہوچکی ہے کہ پی ٹی آئی اور عمران خان کی مقبولیت اب دن بدن جھاگ کی مانند ختم ہوتی جارہی ہے عمران خان اور انکی جماعت کو معلوم ہوچکا ہے کہ وہ اب انتخابات میں کامیاب نہیں ہوسکتے جس کی وجہ سے وہ بار بار بیانیہ تبدیل کر رہے ہیں جس جماعت کا کوئی ایک سیاسی بیانیہ نہ ہو اسے عوام کی نمائندگی کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

شال بقیہ 38

کردیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے کھلے دشمن ہیں جو مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے کا عمل بار بار دوہراتے ہیں۔ حکومت پاکستان کی جانب سے اس کی مذمت کافی نہیں، معاملے کو سفارتی سطح پر اٹھایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سویڈن واقعہ سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہر مسلمان سویڈن کی اس دہشت گردی کی مذمت کریں اقوام متحدہ و او آئی سی سمیت عالمی اداروں کو اس جرم وہشت گردی کے خلاف آواز بلند کرنا چاہیے۔ اسلام امن کا مذہب ہے سویڈن ایسے شرمناک واقعات کی روک تھام کریں۔ مغرب کو شعائر اسلام کی توہین سے ہر صورت روکنا ہوگا بدقسمتی سے مسلم ممالک میں غیرت مند باعمل حکمران نہیں جس کی وجہ سے مغرب، یہود وہنود اس قسم کی دہشت گردی کر رہے ہیں۔ انسانی حقوق کے اداروں کو خاموش نہیں رہنا چاہیے بلکہ ہر سطح پر سویڈن کی اس دہشت گردی کے خلاف آواز بلند کرنا چاہیے مغرب کبھی قرآن پاک کی توہین کبھی رحمت العالمین ﷺ کی توہین تو کبھی داڑھی وپگڑی کی توہین مسلم کب تک اس کو برداشت کرتے رہیں گے۔ سویڈن درحقیقت اسلاموفوبیا کو ہوا دے رہا ہے۔ اس سے دنیا بھر کے ایک ارب سے زائد مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے۔ کفار نے اپنی تمام حدود و قیود کو عبور کرلیا ہے۔ اقوام متحدہ اور انسانیت کے علمبردار ممالک اس فعل کی نہ صرف مذمت کریں بلکہ سویڈن میں ہونے والے ان مظاہروں کو رکوانے کے لئے اپنا اثرورسوخ استعمال بھی کریں۔

شال بقیہ 39

بے گھر اور فصلوں سمیت زرعی زمینوں اور املاک سے محروم ہوگئے کروڑوں کے مالی نقصانات ہوئے صوبائی حکومت نے مقامی وضلعی انتظامیہ کے ذریعے متاثرین کے ہونے والے نقصانات کا سروے بھی کیا لیکن تاحال متاثرین کی بحالی ممکن نہ ہوسکی اور نہ ہی بے گھر متاثرین کو گھر بنا کر دیے گئے انیس اکبر لاسی نے کہا کہ سیلاب متاثرین جن میں بوڑھے بچے اور جوان شامل ہیں سردیوں میں کھلے آسمان تلے بے سروسامانی کے عالم میں ان کا حال برا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت وقت لسبیلہ کے سیلاب متاثرین کی فوری بحالی امداد اور گھروں کی تعمیر کے لیے عملی اقدامات کرے تاکہ متاثرین کو درپیش مشکلات اور پریشانیوں سے نجات حاصل ہوسکے۔

شال بقیہ 40

چنہ اور عمران چنہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایس ایس پی نے مزید کہا کہ لسبیلہ میں چوری، ڈکیتی اور ہر قسم کے جرائم کے خاتمے کے لئے تمام دستیاب وسائل استعمال میں لاکر ان کے خاتمے کے لیئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ منشیات کی بیخ کنی اور قلع قمع میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کیوں کہ منشیات ایک زہر قاتل ہے جو نوجوان نسل کو تباہی کی طرف لے جاتی ہے نوجوان ہمارے سرمایہ ہیں جن کو منشیات جیسے ناسور سے بچایا جائے گا تاکہ وہ تعلیم اور مثبت سرگرمیوں کی طرف توجہ دے کر اور پڑھ لکھ کر اپنے علاقے اور ملک کا نام روشن کرسکیں۔ اسرار احمد نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھی جائے اور لسبیلہ کے لوگوں کو ہر ممکن تحفظ فراہم کیا جائے گا کاروباری شخصیت بھی پولیس کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریں جس سے جرائم کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ ایس ایس پی لسبیلہ اسرار احمد عمرانی نے کہا ہے۔ لسبیلہ کو امن کا گہوارہ بنانا میرا نصب العین ہے جرائم پیشہ افراد کا قلع قمع کرکے ہی دم لیں گے۔ کسی کے ساتھ بھی حق تلفی برداشت نہیں ہوگی۔ پولیس عوام کے ساتھ اپنے رویے میں تبدیلی لاکر ان کے ساتھ اخلاق سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام ایس ایچ اوز اور ڈی آئی اے انچارجز کو ہدایت کردی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقے میں منشیات اور چوری ڈکیتی سمیت دیگر جرائم پیشہ افراد پر کڑی نگاہ رکھیں۔ SSP لسبیلہ نے کہا کہ ہم عوام کے خادم ہیں غریب، امیر ہمارے لیے سب برابر ہیں ہمارے دروازے ہر کسی کے لیئے ہر وقت کھلے ہیں وہ اپنے مسائل سے مجھے آگاہ کرسکتے ہیں۔

شال بقیہ 41

اس موقع پر پرنسپل رضوان مرزا ان کے ہمراہ تھے۔ DEO لسبیلہ نے امتحانات سینٹر کے عملہ کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر سینئر سپرنٹنڈنٹ شہزادہ حمید ربانی نے انہیں مڈل اسٹینڈرڈ امتحان کے حوالے سے بریفنگ دی، علاوہ ازیں انہوں نے مختلف کلاس رومز کا بھی دورہ کیا اور تعلیمی جائزہ کے ساتھ ساتھ طلباء سے سوالات بھی پوچھے، اس موقع پر اسکول کے پرنسپل رضوان مرزا نے انہیں اسکول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی دی اس موقع پر ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ نے کہا ہے کہ نقل کی روک تھام کے لیے اقدامات کئے جارہے ہیں نقل کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا ہے کہ امتحانی سینٹر کے عملہ کی کارکردگی بہترین ہے جو نقل کی روک کے لیے بہترین انداز میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 42

رہنما وڈیرہ میاں خان بگٹی کو ناجائز جھوٹے کیسز میں کراچی پولیس نے گرفتار کیا تھا جن پر ہونے والے کیسز کا ایک بھی ثبوت پولیس کے پاس نہیں ہیں اور میڈیا میں پروپیگنڈہ بھی کیا گیا کہ وڈیرہ میاں خان موندرانی دو نمبر گاڑیوں کے مالک ہیں حالانکہ وڈیرہ میاں خان بگٹی ایک قبائلی شخصیت کے ساتھ ڈیرہ بگٹی کے سیاسی رہنما ہیں انہوں نے دو بار جنرل الیکشن میں بھی حصہ لیا وہ چیف آف موندرانی وڈیرہ محمد بخش بگٹی کے بھائی ہیں وڈیرہ میاں خان بگٹی پر پولیس اور کچھ سیاسی مخالفین نے ناجائز کیسز کروائیں جس کی بگٹی قبائل سختی سے مذمت کرتے ہوئے ہیں حکومت سندھ سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ قبائلی عمائدین پر ہونے والے جھوٹے مقدمات کو ختم کیا جائے۔

شال بقیہ 43

پرنس چنگیز انور قمبرانی، میونسپل ایمپلائز یونین کے صدر شفیع محمد کوہ ہر سینٹری سپروائزر نثار احمد شیخ سمیت دیگر شریک ہوئے۔ چیف آفیسر محمد انور قمبرانی نے سینٹری اسٹاف کو سختی سے تاکید کرتے ہوئے کہا کہ صبح اور شام کے اوقات کار میں شہری صفائی ستھرائی میں کسی قسم کی کوتاہی قبول نہیں، سینٹری اسٹاف کی مختلف ٹیمیں تشکیل دیکر شہری شاہراہوں، گلی محلوں اور مارکیٹس کی یومیہ صفائی کرکے کوڑا کرکٹ ٹھکانے لگانے کے ساتھ نکاسی آب کے نالوں کی صفائی کو بھی ہر صورت یقینی بنائی جائے جہاں بھی نالے بند ہوں انہیں فوری طور پر کھول کر سیوریج پانی کو رواں رکھا جائے تاکہ شاہراہوں، گلی محلوں اور مارکیٹس کے سامنے کہیں بھی سیوریج کا پانی آمدورفت میں رکاوٹ نہ بنے، صبح کے وقت جن دکانوں کے سامنے ریڑھے بان کھڑے ہوتے ہیں ان مقامات پر صفائی ستھرائی کے عمل کے بعد پھیلنے والی گندگی کی ذمہ داری دکاندار اور ریڑھ بان کی ہوگی کہ وہ صفائی خود کرکے کوڑا کرکٹ کچرے دان میں رکھیں بصورت دیگر دکاندار اور ریڑھ بان پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ جن علاقوں اور قومی شاہراہ سمیت دیگر سڑکوں پر واٹرسپلائی کی پائپ لائنیں ٹوٹی ہوئی ہیں اور وہاں پانی جمع ہو رہا ہے انکی مرمت کے لیے محکمہ پی ایچ ای اقدامات اٹھائے، پی ایچ ای کے واٹرسپلائی لائنوں کی مرمت میونسپل کارپوریشن کے ذمے ڈال کر پی ایچ ای کو بری الذمہ نہیں کیا جاسکتا، جلد ہی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد کی زیرصدارت منعقدہ اجلاس میں پی ایچ ای حکام کو اس جانب توجہ مبذول کروایا جائیگا تاکہ باہمی طور پر مسائل کو حل کیا جاسکے اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کیا جاسکے۔

شال بقیہ 44

ٹی اینڈ ڈی سسٹم میں بڑی سرمایہ کاری کی۔ عمر ایوب نے کہا کہ ہماری حکومت نے ٹرانسمیشن کی صلاحیت کو 17000 میگاواٹ سے بڑھا کر 27000 میگاواٹ سے زیادہ کردیا۔ سابق وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت نے موسم گرما میں بھی ملک کے 80 فیصد حصے میں لوڈشیڈنگ ختم کر دی تھی، امپورٹڈ حکومت موسم سرما میں بھی پاکستان بھر میں لوڈشیڈنگ کررہی ہے۔ سابق وزیر نے کہا کہ بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ امپورٹڈ حکومت نے ملک کو دیوالیہ کردیا ہے، ایندھن سمیت دیگر اشیاء کی خریداری کے لیے ڈالر ختم ہوچکے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ امپورٹڈ حکومت نے خود کو 1100 ارب روپے کا این آر او دینے پر توجہ مرکوز رکھی، انہوں نے گورننس پر کام کیا ہوتا تو اس طرح کے مسائل سے بچا جاسکتا تھا۔

شال بقیہ 45

تحقیقات ہو رہی ہوتی ہے وہ پروڈکشن آرڈر پر پارلیمنٹ آتے ہیں، نیب زدہ پروڈکشن آرڈر پر پارلیمنٹ آکر اپنے خلاف تحقیقات پر تقریر کرتے ہیں۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے کہا کہ آپ کا حق دعویٰ نہیں بنتا ہے جبکہ شہباز شریف اور خواجہ سعد رفیق کو آپ فریق کیسے بنا سکتے ہیں، ہم پارلیمنٹ کے معاملات میں کیسے مداخلت کر سکتے ہیں۔ بعدازاں عدالت عظمیٰ نے اپیل نا قابل سماعت قرار دے کر خارج کردی۔

شال بقیہ 46

منصوبوں کے بجائے اجتماعیت کو فروغ دیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوں آنے والا دور پیپلز پارٹی کا ہے پیپلز پارٹی غریب مظلوم عوام کی نمائندہ پارٹی ہے انہوں نے کبھی بھی بلند بانگ دعوے نہیں کیے بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں انشاء اللہ عوام کے ووٹ کی طاقت سے کامیابی حاصل کریں گے کہ حلقہ انتخاب میں اس سال کروڑوں روپے کی اسکیمات متعارف کروائی گئی اور ان عوام کی خواہشات کے عین مطابق منصوبوں کو معیار کے مطابق مکمل کیا گیا ہے کئی منصوبے اب بھی زیر تعمیر ہیں جن کی تکمیل سے علاقے میں ترقی اور خوشحالی کی نئی راہیں کھلیں گی انہوں نے کہا کہ ماتھجانی اقوام نے بےلوث اور بلاامتیاز خدمت پر یقین رکھتے ہیں میر سلیم احمد خان کھوسہ حلقے کی عوام کی بلاتفریق خدمت کرکے ہم اپنا فریضہ ادا کر رہے ہیں ان شاء اللہ آنے والے دور میں عوام کے ووٹ سے منتخب ہو کر خدمت کے اس سلسلے کو جاری رکھیں گے۔

شال بقیہ 47

گرم مشروبات کی فروخت میں اضافہ ہوگیا ہے۔ سردی سے بچنے کے لیئے لوگ گرم کپڑے، سوئٹر، جیکٹ میں ملبوس نظر آتے ہیں۔ بازاروں میں نئے اور پرانے جیکٹس سوئٹرز کی دکانوں میں گاہکوں کا رش امڈ آیا ہے۔ جبکہ دوسری جانب سرد ہواؤں اور سردی کی شدت کے اضافے کے باعث سیلاب سے متاثرہ خیموں اور کھلے آسمان تلے زندگی گزرنے والوں کی مشکلات میں مذید اضافہ گھر نہ ہونے کی وجہ سے اپنے معصوم بچوں کو سردی سے بچانے میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس حوالے سے سیلاب متاثرین کا کہنا ہے کہ اس شدید سردی میں ہمیں اپنے بچوں خیموں میں سردی سے محفوظ رکھنے میں سخت مشکلات کا سامنا ہیں گرمی کے موسم میں سیلاب آیا تھا لیکن سردی بھی آگئی۔ اب سردی کی شدت میں بھی اضافہ ہوا لیکن حکومت کو عوام سے کوئی ہمدردی نہیں جو سیلاب متاثرین کے مسئلہ کو سنجیدگی سے لینے کی بالکل کوشش ہی نہیں کررہی ہے انہوں نے کہا ہے کہ ایک تو سیلاب سے گھروں محروم ہیں دوسری جانب حکومت کی جانب سے اعلان کردہ امداد کے منتظر ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیلاب متاثرین کے لیے فوری حفاظتی کے اقدامات کیئے جائیں تاکہ ان کا شدید سردی سے بچاؤ ممکن ہوسکے۔

شال بقیہ 48

علاقے کے مطابق گورنمنٹ مڈل سکول حاجانی گھی دوشین لوپ میں 3 ٹیچر میں سے دو ٹیچرز عرصہ دراز سے سکول سے غیر حاضر ہیں آفیسران وزٹ کرنے سے گریز کررہے ہیں سکول کے بچے و بچیاں کو اساتذہ کی کمی کے باعث بچوں اور بچیوں کو مختلف آکنس میں مشکلات کا سامنا ہے اسکول کو اپنے جاگیر سمجھ کر عرصہ دراز سے ڈیوٹی سرانجام نہیں دے رہے ہیں اس موقع پر مقامی لوگوں کا ضلعی انتظامیہ اور ایجوکیشن آفیسران سے اپیل کرتے ہوئے کہنا تھا کہ غیر حاضر اساتذہ کے خلاف نوٹس لے۔

شال بقیہ 49

نوجوان روزگار نہ ملنے کے وجہ سے وہ پریشان ہیں اور اپنے گھر کا چولہا جلانے کیلئے بعد چوری اور ڈکیتی کرنے پر مجبور ہیں حکومت نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کریں تاکہ وہ سماجی برائیوں سے دور رہ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اربوں روپے کی کرپشن اور چوری میں ملوث افراد سرعام گھوم پھر رہے ہیں ان پر ہاتھ ڈالنے والا کوئی نہیں ہے اگر وہ پکڑے بھی جاتے ہیں تو انکے مقدمات اتنے کمزور ہوتے ہیں وہ عدالتوں سے باعزت بری ہوجاتے ہیں جبکہ سائیکل اور موٹرسائیکل چوری کے کیسز میں پکڑے جانے والے افراد جیلوں میں تشدد اور قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرتے ہیں جو کسی بھی طرح درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون سب کیلئے برابر ہونا چاہئے امیر کیلئے الگ اور غریب کیلئے الگ قانون سمجھ سے بالاتر ہے۔ لالا یوسف خلجی نے کہا کہ اگر حکومت اور قانون نافذ کرنے والے بڑے بڑے چوروں اور مگرمچھوں پر ہاتھ نہیں ڈال سکتے تو انہیں چاہئے کہ وہ موٹرسائیکل اور سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو بھی رہا کریں۔

شال بقیہ 50

ولی اللہ شاہ بخاری نقشبندی سرتاجی رحمۃ اللہ علیہ کا پہلا سالانہ عرس نہایت ہی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔ عرس کی تقریب گلشن اقبال گول چکر بڑی کراچی میں منعقد کی گئی جسکی صدارت سجادہ نشین صاحبزادہ پیر سید نور محمد شاہ بخاری نقشبندی نے کی جس میں سینکڑوں مریدین و محبین نے شرکت کی عرس کی بابرکت تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت قاری عبدالحمید نے حاصل کی جبکہ ملک کے مایہ ناز نعت خواں عبدالواحد لاشاری، حافظ عبدالغنی اور انیس نے گلہائے عقیدت کا نذرانہ پیش کیا۔

شال بقیہ 51

بجائے من پسند ٹھیکیداروں کے فرمز کو ایوارڈ کرکے پیپرا رولز کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی جارہی ہے، ٹینڈر کے اوقات کے دوران متعلقہ افسران اور ٹینڈر کلرک دفتر چھوڑ کر جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف صوبہ مالی بحران کا شکار ہے تو دوسری جانب محکمہ لوکل گورنمنٹ جعفرآباد کے افسران پیپرا رولز کی دھجیاں بکھیر کر ترقیاتی منصوبوں کی بندر بانٹ میں مصروف ہیں یہی صورتحال رہی تو شہری گلیوں کو پختہ کرنے کے لیے 2 کروڑ روپے ضائع ہوجائیں گے، محکمہ لوکل گورنمنٹ کے افسران کے اس ناروا رویے اور ترقیاتی منصوبوں کو اوپن ٹینڈر نہ کرنے کے خلاف عدالت سے رجوع کیا جائیگا اور کسی صورت خفیہ طریقے سے من پسند فرمز کو اسکیمیں ایوارڈ کرنے کی اجازت نہیں دینگے انہوں نے حکام بالا سے اپیل کی ہے کہ اس جانب فوری توجہ دی جائے۔

شال بقیہ 52

نے اس قانون میں حق ختم کرتے ہوئے سرکاری ملازمت کے خواہش مند بڑی عمر کے افراد کیلئے 15 سال کی حد عمر میں رعایت دے دی ہے۔ ایس جی اے اینڈ سی ڈی نے اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے جس کے مطابق پبلک سروس کمیشن اور پولیس کی بھرتیوں پر یہ نوٹیفکیشن لاگو نہیں ہوگا، پبلک سروس کمیشن اور پولیس میں بھرتیوں کے سوا دیگر محکمے عمر کی حد میں رعایت دینے کے پابند ہوں گے۔ یاد رہے کہ قبل ازیں بھی سندھ حکومت نے سرکاری نوکری کیلئے عمر کی حد میں رعایت دی تھی جو کہ 30 جون 2022 کو ختم ہوگئی تھی، بعدازاں ایک بار پھر سندھ حکومت نے سرکاری ملازمت کیلئے حد عمر میں رعایت دی ہے جو 30 جون 2024 تک جاری رہے گی۔

شال بقیہ 53

گراؤنڈ میں اپنی ذاتی دلچسپی اور خصوصی تعاون سے پہلے مرحلے میں پیچ اور گراؤنڈ لیول کئے جبکہ دوسرے مرحلے میں ایک کمرہ اور چاردیواری بنائے گے ہم کرنل اشفاق زہیری کی علاقے دوستی اسپورٹس دوستی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور خاص کر نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایسے بہتری اقدامات کو بھرپور سراہتے ہے موصوف نے نوجوانوں کی دل جیت لیا ہے انہوں نے کہا کہ ماشکیل جیسے پسماندہ علاقے میں نوجوان نسل کو اسپورٹس کی طرف راغب کرنا اور دیگر منفی سرگرمیوں سے دور رکھنے اور ان کے بھرپور تعاون کرنا ایک انتہائی خوش آئند اور قابل ستائش اقدام ہے انہوں نے کہا کہ کرنل اشفاق زہیری کا انتہائی مشکور ہے کہ انہوں نے نوجوان کھلاڑیوں کے ساتھ بھرپور تعاون کیا ہے۔

شال بقیہ 54

عدالت نے نے کار ڈیلر کیخلاف درخواست پر شوروم مالک کو مکمل ادائیگی کے بعد 30 دن کے اندر درخواستگزار کو گاڑی دینے کا حکم دے دیا۔ کراچی کی صارف عدالت شرقی کی جج فہمیدہ سوہوال نے کار ڈیلر کے خلاف درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے شوروم مالک کو 30 دن کے اندر گاڑی کی مکمل قیمت ادا کرنے والے درخواست گزار کو گاڑی دینے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے شوروم مالکان کو اضافی وصول کی گئی 4 لاکھ رقم بھی درخواستگزار کو واپس کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے شوروم مالک پر 10 لاکھ جرمانہ عائد کرتے ہوئے قانونی چارہ جوئی کی مد میں درخواست گزار کو 2 لاکھ روپے بھی دینے کا حکم دیا۔

شال بقیہ 55

کرتے ہوئے ایک تصویر شیئر کی ہے، جس میں انہیں انتہائی خوش اور ہنستے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس تصویر کے کیپشن میں انہوں نے لکھا ہے کہ پی ٹی آئی کا قومی اسمبلی سے صفایا ہونے کے بعد میرا ردعمل۔ واضح رہے کہ اب تک اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے مجموعی طور پر پاکستان تحریک انصاف کے 122 اور شیخ رشید کا ایک استعفیٰ ملا کر 123 اراکین کے استعفے منظور ہوچکے ہیں۔

بعدالت تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل مشکے ضلع آواران

اشتہار بنام عوام الناس وخاص وعام

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہیں کہ کہ عبدالحمید ولد عبدالرحمن سکنہ گزوزئی تحصیل مشکے ضلع آواران شناختی کارڈ نمبر 51102-0230422-9 نے درخواست دی ہے کہ اسکے دادا فقیر محمد عبدالرحمن اور والد عبدالرحمن ولد فقیر محمد ساکنان گزوزئی تو کو کافی عرصہ پہلے بقضاء الٰہی وفات پاچکے ہیں عبدالرحمن فقیر محمد کا اکلوتا بیٹا ہے اسکے علاوہ مرحوم کا کوئی جائز وارث نہیں ہے۔ مرحوم کے اراضیات قوم گزوزئی کھیوٹ نمبر 49/49 خسرہ نمبر 169_171، 172 کھیوٹ نمبر 148/153 خسرہ نمبر 720 مرحوم کے پسماندگان 1 فاطمہ بیوہ عبدالرحمن 2 بی بی ہوا بنت عبدالرحمن 3 عبدالحمید ولد عبدالرحمن 4 عبدالمجید ولد عبدالرحمن 5 اشتری بی بی بنت عبدالرحمن 6 عبدالحلیم ولد عبدالرحمن 7 عبدالہادی ولد عبدالرحمن 8 درجان یارے میں کسی شخص یا کوئی نام انتقال کرنا چاہتے ہیں اگر اس کے اندر اصالتاً یا وکالتاً زیر دستخطی کو پیش کریں بصورت دیگر انتقال کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اشتہار ہذا آج 16-01-023 امروز میرے دستخط مہر سے جاری ہوا۔

(تحصیلدار اسسٹنٹ فلکٹر درجہ اول تحصیل مشکے)

PDM جو نعرہ لگا کر حکومت میں آئی اس میں کسی پر عمل نہیں ہو رہا، عمر جمالی

آئندہ انتخابات پی ٹی آئی کے ٹکٹ سے لڑینگے، انکے متعلق کسی دوسری جماعت میں شمولیت کی باتیں افواہ ہیں

عمران خان نے پنجاب اور کے پی کے اسمبلیاں تحلیل کرکے اچھا اقدام اٹھایا، مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے توانائی و پاکستان تحریک انصاف کے رکن اسمبلی میر عمر خان جمالی نے کہا کہ آئندہ انتخابات پی ٹی آئی کے ٹکٹ سے لڑینگے، انکے متعلق کسی دوسری جماعت میں شمولیت کی باتیں افواہ ہیں، مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنما، رابطے کرکے ملاقاتیں کرنے آرہے ہیں، بات چیت کے لیے دروازے بند نہیں، بلوچ اور بلوچی روایات کے پابند لوگ ہیں، گھر آئے مہمانوں کی خاطر داری کرنا ہمارے آباؤ اجداد کی روایت ہے تاہم اپنے بہتر مستقبل کے لیے فیصلے خود کرینگے یا اکابرین کا جو فیصلہ ہوگا وہی ہمارا فیصلہ ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز رجھان جمالی میں میڈیا نمائندگان کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا، انکا کہنا تھا کہ انکے متعلق دوسر بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب مسعود بگٹی گرانفروشوں اور تجاوزات کیخلاف کارروائی کررہے ہیں

وفاقی دارالحکومت میں وکلاء کمپلیکس کی جلد تعمیر سے متعلق سماعت صدر بار کی استدعا پر ملتوی

اگریمنٹ کے مطابق ایک سال میں کام مکمل ہوگا، سی ڈی اے۔۔۔۔۔ایک سال کا کہیں ذکر موجود نہیں ہے، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق کی عدالت نے وفاقی دارالحکومت میں وکلاء کمپلیکس کی جلد تعمیر سے متعلق سماعت صدر بار کی استدعا پر ملتوی کردی۔ وکلاء کی درخواست پر سماعت کے دوران اسلام آباد بار کونسل کے ممبر عادل عزیز قاضی، صدر اسلام آباد بار ایسوسی ایشن قیصر امام، بلال مغل ایڈووکیٹ، سی ڈی اے کی جانب سے لیگل ایڈوائزر جواد نذیر اور ڈائریکٹر لینڈ پیش ہوئے، سی ڈی اے کی جانب سے عدالت کو آگاہ کیا گیا کہ وکلاء کمپلیکس کی تعمیر کا آغاز ہوگیا ہے۔

لوپ گورنمنٹ مڈل سکول حاجانی کلی دوستین لوپ کی دو اساتذہ جو عرصہ دراز سے سکول سے غیر حاضر ہیں

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) لوپ گورنمنٹ مڈل سکول حاجانی کلی دوستین لوپ کی دو اساتذہ جو عرصہ دراز سے سکول سے غیر حاضر ہیں تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ مڈل سکول حاجانی کلی دوستین لوپ میں ٹوٹل تین ٹیچر ہیں اہل بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

پیر طریقت، رہبر شریعت سید ولی اللہ شاہ بخاری نقشبندی سرتاجی رحمۃ اللہ علیہ کا پہلا سالانہ عرس مبارک گزشتہ روز کراچی میں عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا

اوتھل (نامہ نگار) پیر طریقت رہبر شریعت سید ولی اللہ شاہ بخاری نقشبندی سرتاجی رحمۃ اللہ علیہ کا پہلا سالانہ عرس مبارک گزشتہ روز کراچی میں عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا، سالانہ عرس کی تقریب کی صدارت سجادہ نشین صاحبزادہ پیر سید نور محمد شاہ بخاری نقشبندی نے کی۔ تفصیلات کے مطابق سندھ و بلوچستان کی عظیم روحانی ہستی پیر طریقت رہبر شریعت حضرت پیر سید بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

اربوں روپے کی چوری کرنیوالے آزاد گھوم رہے ہیں، لالا یوسف خلجی

سائیکل، موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزمان جیلوں میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں، سربراہ بلوچستان امن جرگہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالا یوسف خلجی نے کہا ہے کہ اربوں روپے کی چوری کرنے والے آزاد گھوم رہے ہیں جبکہ سائیکل اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث ملزمان جیلوں میں قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں جب حکومت بڑے مگرمچھوں پر ہاتھ نہیں ڈال سکتی تو موٹے چوروں کو بھی رہا کیا جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالا یوسف خلجی نے کہا کہ ملک میں اسوقت مہنگائی اور بے روزگاری عروج پر ہے پڑھے لکھے بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

شہری گلیوں کو پختہ بنانے کے لیے ٹف ٹائل کی اسکیموں میں ہیر پھیر اور کھلم کھلا خلاف ورزی کی جارہی ہے، گورنمنٹ کنٹریکٹر ایسوسی ایشن

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) گورنمنٹ کنٹریکٹر ایسوسی ایشن کے ممبران میر جہانگیر کنرانی، اے ڈی شیخ اور علی مینگل نے محکمہ لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے لوکل گورنمنٹ حکام پر الزام عائد کیا کہ شہری گلیوں کو پختہ بنانے کے لیے 2 کروڑ روپے کی لاگت سے ٹف ٹائل کی اسکیمیں اوپن ٹینڈر کی بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

ضلع مہمند، عبدالرشید ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مہمند نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے

استعفیٰ منظور کرو کا شور مچانے والے اب استعفیٰ کیوں منظور کیا کا شور مچا رہے ہیں، سربلند جوگیزئی

سیاست میں سب سے زیادہ اہمیت پارلیمان کو دی جاتی ہے سیاسی مسائل بھی پارلیمنٹ کے اندر ہی حل کیے جاتے ہیں

پی ٹی آئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ غیر سیاسی اور ناپختہ لوگوں کا ایک گروہ ہے جس کا کوئی سیاسی بیانیہ یا حیثیت نہیں، پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ غیر سیاسی اور ناپختہ لوگوں کا ایک گروہ ہے جس کا کوئی سیاسی بیانیہ یا حیثیت نہیں، استعفیٰ منظور کرو کا شور مچانے والے استعفیٰ منظور ہونے کے بعد استعفیٰ کیوں منظور کیا کا شور مچا رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی۔ سردار سربلند جوگیزئی نے پی ٹی آئی کے استعفے منظور کرنے کو درست اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی سیاسی طور پر ناپختہ لوگوں کا ایک گروہ ہے سیاست میں سب سے زیادہ اہمیت پارلیمان کو دی جاتی ہے سیاسی مسائل بھی پارلیمنٹ کے اندر ہی حل کیے جاتے ہیں اسپیکر قومی اسمبلی نے پی ٹی آئی ارکان کے استعفے منظور کرکے درست اقدام اٹھایا ہے جو بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

پشاور موٹر وے زمین کی خریداری کیلئے قیمت بڑھانے کیخلاف اپیل مسترد

سپریم کورٹ نے پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کو درست قرار دے دیا، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کو اراضی مالکان کو ادائیگی کا حکم

[illegible]

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پشاور موٹر وے زمین کی خریداری کے لئے قیمت بڑھانے کے خلاف نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی اپیل مسترد کرتے ہوئے پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کو درست قرار دے دیا۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطا بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے پشاور موٹر وے زمین کی خریداری کیلئے قیمت بڑھانے کیخلاف نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی اپیل پر سماعت کی۔ این ایچ اے حکام نے عدالت کو بتایا کہ پشاور موٹر وے کیلئے 35 ہزار روپے فی مرلہ زمین خریدی، ہائیکورٹ نے اضافہ کرکے 70 ہزار روپے کردیا۔

اربوں روپے کی منی لانڈرنگ کا معاملہ، ڈائریکٹوریٹ آف کسٹم ایف بی آر نے ایف آئی اے سے مدد مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) اربوں روپے کی منی لانڈرنگ کا معاملہ، ڈائریکٹوریٹ آف کسٹم ایف بی آر نے ایف آئی اے سے مدد مانگ لی۔ ذرائع کے مطابق ڈائریکٹر کسٹم پشاور نے ایف آئی اے کے تمام زونل ڈائریکٹرز کو مراسلہ لکھ دیا۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر پشاور نے 17 افراد کی فہرست ایف آئی اے کو فراہم کردی۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے بتائے کہ ان افراد کے خلاف اینٹی منی لانڈرنگ کے مقدمات درج ہیں؟۔

کراچی، محمد سلیم عطاری کی سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت

کراچی (این این آئی) انجمن نوجوانان اسلام پاکستان کے سربراہ سماجی رہنما محمد سلیم عطاری نے سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ آزادی اظہار رائے کی آڑ میں قرآن پاک کی بے حرمتی کسی صورت اجازت نہیں ہونی چاہیے اسی طرح کی حرکت کرنے والے عالمی دہشت گرد ہیں۔ اقوام متحدہ، بین المذاہب ہم آہنگی کی تنظیموں کی اس حوالے سے خاموشی جرم کے برابر شریک ہونے کے مترادف ہے۔

نصیر آباد، ڈویژنل محتسب اعلیٰ شاہنواز خان کرائی کو ڈاکٹر قدیر ابڑو سول ہسپتال دورے کے موقع پر آگاہی فراہم کررہے ہیں

سندھ بھر کے 24 ہزار خاندانوں میں الخدمت ونٹر پیکج تقسیم

سردی سے بچاؤ کیلئے مستحقین کو رضائیاں اور گرم کپڑے فراہم کیے جا رہے ہیں

کراچی (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن کی جانب سے سندھ بھر کے مستحق و نادار خاندانوں کو ونٹر پیکج کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ سیلاب سے متاثر ہونے والے ہزاروں خاندانوں کو اس وقت سخت سردی کا سامنا ہے۔ الخدمت کی جانب سے اب تک سانگھڑ، کشمور، شہداد کوٹ، مٹیاری، حیدرآباد اور سکھر سمیت سندھ بھر کے تمام اضلاع کے 24 ہزار سے زائد متاثرہ خاندانوں کو سردی سے بچاؤ کیلئے ونٹر پیکج فراہم کیا جا چکا ہے۔

سرکاری نوکری کے خواہش مند بڑی عمر کے افراد کے لیے خوشخبری سامنے آگئی

سندھ حکومت نے سرکاری ملازمت کے لیے عمر کی حد میں 15 سال کی رعایت کا اعلان کردیا

کراچی (این این آئی) سرکاری نوکری کے خواہش مند بڑی عمر کے افراد کے لیے خوشخبری سامنے آگئی، سندھ حکومت نے سرکاری ملازمت کے لیے عمر کی حد میں 15 سال کی رعایت کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ سرکاری نوکری کے لیے حد عمر 28 سال تک مقرر ہے، 28 سے بڑی عمر کے افراد اہل ہونے کے باوجود بھی سرکاری نوکری حاصل نہیں کرسکتے تاہم سندھ حکومت بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

ماشکیل کرکٹ گراؤنڈ میں نئے پچ اور گراؤنڈ کو لیول کرنے پر 73 ونگ کے لیفٹیننٹ کرنل اشفاق زبیری کے شکر گزار ہیں، چوہدری صادق بلوچ

ماشکیل (این این آئی) ماشکیل کرکٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران چوہدری صادق بلوچ نصیر کبدانی عبدالرزاق ریکی عطاء اللہ ریکی وقار حسنی و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ جاری کردہ بیان میں 73 ونگ تفتان رائفلز کے لیفٹیننٹ کرنل اشفاق زبیری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ماشکیل کرکٹ گراؤنڈ میں نئے پچ اور گراؤنڈ کو لیول کرنے میں تین لاکھ روپے سے زائد خرچہ کئے ہیں پہلے پچ انتہائی خراب تھا اور کھیلنے کے قابل بھی نہیں تھا کرنل اشفاق زبیری صاحب نے ماشکیل کرکٹ بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

ہرنائی، کوئل مائینز ٹھیکیداران وسیاسی جماعتوں کے عہدیداران ہجوم پریس کانفرنس کررہے ہیں

اوتھل، کوئٹہ کی جانب سے چلنے والی سرد ہواؤں کی وجہ سے لسبیلہ شدید سردی کی لپیٹ میں

بازار سرشام ہی ویران، لوگ گھروں محصور ہو کر رہ گئے۔ گرم کپڑوں اور گرم مشروبات کی فروخت میں اضافہ

سیلاب متاثرین خیموں اور کھلے مکانات میں زندگی گزرنے والوں کی مشکلات میں مزید اضافہ

اوتھل (نامہ نگار) کوئٹہ کی جانب سے چلنے والی سرد ہواؤں کی وجہ سے لسبیلہ شدید سردی کی لپیٹ میں، بازار سرشام ہی ویران، لوگ گھروں محصور ہو کر رہ گئے۔ گرم کپڑوں اور گرم مشروبات کی فروخت میں اضافہ، سیلاب متاثرین خیموں اور کھلے مکانات میں زندگی گزرنے والوں کی مشکلات میں مزید اضافہ، تفصیلات کے مطابق لسبیلہ شدید سردی کی لپیٹ میں ہے۔ سورج ڈھلنے سے پہلے ہی بازار بھی ویران نظر آتے ہیں، لوگ گھروں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ گرم کپڑوں اور بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

صحبت پور عوام کی۔ ووٹرز۔ حمایتیوں۔ اتحادیوں کی مکمل تائید وحمایت حاصل ہے، میر سلیم احمد خان کھوسہ

2023 کے عام انتخابات میں عوام کی طاقت سے بھرپور طریقے سے حصہ لے کر عوامی خدمت اور ترقی کے تسلسل کو جاری رکھیں گے

مانجھی پور (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما رکن صوبائی اسمبلی میر سلیم احمد خان کھوسہ کو صحبت پور عوام کی۔ ووٹرز۔ حمایتیوں۔ اتحادیوں کی مکمل تائید وحمایت حاصل ہے 2023 کے عام انتخابات میں عوام کی طاقت سے بھرپور طریقے سے حصہ لے کر عوامی خدمت اور ترقی کے تسلسل کو جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار معروف سیاسی وسماجی شخصیت اور امیدوار ڈسٹرکٹ چیرمین صحبت پور میر بابے محمد علی کھوسہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میر صاحب نے ہمیشہ انفرادی ترقیاتی بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

شہباز شریف اور سعد رفیق کے پروڈکشن آرڈر کیخلاف اپیل خارج

ہم پارلیمنٹ کے معاملات میں کیسے مداخلت کر سکتے ہیں، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے وزیر اعظم شہباز شریف اور خواجہ سعد رفیق کے پروڈکشن آرڈر کے خلاف اپیل ناقابل سماعت قرار دے کر خارج کردی۔ جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے پروڈکشن آرڈر کے اجرا کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ شہباز شریف دوران نیب حراست پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین بنے جبکہ پارلیمنٹ ایسا رولز نہیں بنا سکتی جو کسی دوسرے قانون کے منافی ہو، جن افراد کے خلاف بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

دو دن میں نگراں صوبائی کابینہ فائنل کردیں گے، غلام علی

دو چار دن میں وزیر اعظم یہاں آئیں گے اور بہت کچھ صوبے کو دے کر جائیں گے، گورنر خیبر پختونخوا کی میڈیا سے گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے کہا ہے کہ دو دن میں نگراں صوبائی کابینہ فائنل کردیں گے، جلد وزیر اعظم یہاں آئیں گے اور صوبے کو بہت کچھ دے کر جائیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ صوبائی نگران کابینہ کے لیے کام مکمل کرلیا گیا ہے دو دن میں صوبائی کابینہ فائنل ہوجائے گی۔ انتخابات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ انتخابات پر الیکشن کمیشن کام کررہا ہوگا، وہ مجھے خط لکھیں گے، الیکشن میں آئین میں وقت دیا گیا ہے، اب تو اس پر بات ہورہی کہ استعفیٰ واپس لیے جائیں اور دھرنے دیئے جارہے ہیں۔

امپورٹڈ وزیر توانائی کی پریس کانفرنس مسترد کرتے ہیں، تحریک انصاف

بجلی کا بلیک آؤٹ سراسر غفلت کی وجہ سے ہوا، امپورٹڈ حکومت ایندھن کی بچت کرنا چاہتی تھی، عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری و سابق وزیر توانائی عمر ایوب امپورٹڈ وزیر توانائی خرم دستگیر کی گفتگو پر کرتے ہوئے کہا ہے کہ امپورٹڈ وزیر توانائی کی پریس کانفرنس مسترد کرتے ہیں، بجلی کا بلیک آؤٹ سراسر غفلت کی وجہ سے ہوا، امپورٹڈ حکومت ایندھن کی بچت کرنا چاہتی تھی۔ اپنے بیان میں عمر ایوب نے کہا کہ بڑھتے ہوئے بوجھ کو ہینڈل کرنے کے لیے ان کے پاس آن لائن پلانٹس ناکافی تھے تحریک انصاف حکومت نے بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

صوبے کو درپیش مالی مسائل اور امن وامان سے متعلق معاملات وزیر اعظم کے ساتھ جلد اٹھائیں گے، اعظم خان

صوبے میں امن وامان کی صورتحال کو خاطر خواہ حد تک بہتر بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان نے کہا ہے کہ صوبے کو درپیش مالی مسائل اور امن و امان سے متعلق معاملات وزیر اعظم کے ساتھ اٹھائے جائیں گے، اس سلسلے میں اگلے چند دنوں میں وزیر اعظم کے ساتھ ملاقات کروں گا، صوبے کے لئے یہ دونوں ایشوز انتہائی اہم ہیں، نگران صوبائی حکومت ان ایشوز پر خصوصی توجہ دے گی۔ نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد اعظم خان کی زیر صدارت صوبے کی امن و امان، معاشی صورتحال اور مالی مسائل سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔

تحریک لبیک کا سویڈن میں توہین قرآن مجید کیخلاف 27 جنوری کو ملک گیر لبیک تحفظ قرآن ﷺ مارچ کا اعلان

سویڈن واقعے سے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچی، کوئی بھی مسلمان قرآن کریم کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کرسکتا

عالمی برادری کو اسلاموفوبیا، عدم برداشت کیخلاف یکساں موقف اختیار کرنا چاہئے، سربراہ تحریک لبیک پاکستان کا شدید ردعمل

لاہور (این این آئی) تحریک لبیک پاکستان نے سویڈن میں توہین قرآن مجید کے خلاف 27 جنوری بروز جمعۃ المبارک کو ملک بھر کے چھوٹے بڑوں شہروں میں لبیک تحفظ قرآن ﷺ مارچ کا اعلان کردیا، لاہور میں مارچ داتا دربار سے شروع ہوکر پنجاب اسمبلی ہال چوک پر اختتام پذیر ہوگا۔ تحریک لبیک پاکستان کے امیر حافظ سعد حسین رضوی نے کہا کہ سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی گھناؤنا فعل اور انتہائی قابل مذمت عمل ہے، واقعے سے دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے، ایسی کارروائیوں کا آزادی اظہار رائے سے کوئی تعلق نہیں۔ مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانا انسانی حقوق کے بین الاقوامی قوانین کے خلاف کھلی ورزی ہے، اسلام امن کا مذہب ہے، عالمی برادری کو اسلاموفوبیا اور عدم برداشت کیخلاف یکساں مؤقف اختیار کرنا چاہئے۔

آٹا چکی مالکان کا (آج) سے کراچی میں چکیاں بند کرنے کا اعلان

ہمارے لئے کمشنر کے ریٹ پر آٹا بیچنا ممکن نہیں ہے، چکی ایسوسی ایشن

کراچی (این این آئی) چکی مالکان کی جانب سے ہڑتال کی دھمکی کے بعد کراچی میں آٹے کے سنگین بحران کا خدشہ پیدا ہوگیا۔ کراچی میں آٹا چکی مالکان نے (آج) بدھ سے شہر بھر میں آٹے کی چکیاں بند کرنے کا اعلان کردیا، چکی ایسوسی ایشن کے مطابق 120 میں گندم خرید کر 135 سے 140 میں آٹا فروخت کررہے ہیں۔ چکی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری انیس شاہد کا کہنا ہے کہ مطالبات کی منظوری تک شہر بھر میں 4 ہزار آٹا چکیاں مکمل بند رہیں گی، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے چکیوں پر چھاپے مار کر سیل کیا جارہا ہے۔ چکی مالکان نے کہا کہ کمشنر کراچی نے چکی کے آٹے کا ریٹ 105 روپے مقرر کردیا ہے جبکہ وہ گندم اوپن مارکیٹ سے 120 روپے میں خرید رہے ہیں۔

آفت زدہ لسبیلہ کے متاثرین کسمپرسی کے عالم میں بے یار و مددگار ہیں، انیس اکبر لاسی

منتخب نمائندگان کی بے حسی قابل مذمت ہے شدید سردی میں متاثرین ٹھٹھر رہے ہیں کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے

سیلاب متاثرین کی عدم بحالی حکومتی امداد نہ ملنے کے باعث متاثرین مشکلات اور دشواریوں کا شکار ہیں، بیان

بیلا (نامہ نگار) سیلاب متاثرین کی عدم بحالی حکومتی امداد نہ ملنے کے باعث متاثرین مشکلات اور دشواریوں کا شکار ہیں آفت زدہ لسبیلا کے متاثرین کسمپرسی کے عالم میں بے یارو مددگار ہیں منتخب نمائندگان کی بے حسی قابل مذمت ہے شدید سردی میں متاثرین ٹھٹھر رہے ہیں کوئی شنوائی نہیں ہورہی ہے ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پاکستان کے یونین کونسل ناکہ کھارڑی سے نو منتخب کونسلر اور معروف قبائلی شخصیت انیس اکبر لاسی نے منگل کے روز آن لائن اور عوامی پریس بیلا کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے اس امر پر گہری تشویش کا اظہار کیا کہ 25 جولائی 2022 کو آنے والے سیلاب اور شدید بارشوں سے اوتھل بیلا لاکھڑا کنراج اور متعدد علاقوں میں تباہی برپا ہوئی ہزاروں لوگ گھروں سے بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

جامعہ اشرفیہ لاہور کے علماء کی طرف سے سویڈن میں قرآن کی بے حرمتی کی شدید مذمت

اقوام متحدہ، او آئی سی، اور مسلم حکمران متفقہ لائحہ عمل تیار کرتے ہوئے سخت قانون سازی کریں، مولانا فضل الرحیم اشرفی و دیگر علماء

لاہور (این این آئی) جامعہ اشرفیہ لاہور کے مہتمم مولانا حافظ فضل الرحیم اشرفی، نائب مہتمم و ناظم اعلیٰ مولانا قاری ارشد عبید، نائب مہتمم مولانا احمد حسن، شیخ الحدیث مولانا سیف الرحمن مہند، حافظ اسعد عبید، مولانا اجود عبید مولانا زبیر حسن، پروفیسر مولانا محمد یوسف خان اور مولانا مجیب الرحمن نے سویڈن میں قرآن مجید نذر آتش کرنے کے مذموم واقعہ پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آزادی اظہار رائے کی آڑ میں آئے روز حضور ﷺ کی شان اقدس میں گستاخی اور قرآن مجید کی توہین و نذر آتش کرنے جیسے واقعات عالمی امن کو نقصان پہنچانے، پوری دنیا کے مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح اور دلوں کو زخمی کرنے کے مترادف ہیں جس پر مسلمان خون کے آنسو روتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

تمباکو نوشی، منشیات اور ہر قسم کا نشہ حرام، مضر صحت اور قانونا جرم ہے، زینب نقوی

بچے ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں اور مستقبل میں ان کی صحت و تندرستی اور سلامتی کو محفوظ بنانے کیلئے آخری حد تک جدوجہد کریں گے، اسسٹنٹ کمشنر پشاور زینب نقوی

پشاور (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر پشاور زینب نقوی نے کہا ہے کہ بچے ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں اور مستقبل میں ان کی صحت و تندرستی اور سلامتی کو محفوظ بنانے کیلئے آخری حد تک جدوجہد کریں گے، تمباکو نوشی، منشیات اور ہر قسم کا نشہ حرام مضر صحت اور قانونا جرم ہے، لہذا متعلقہ افسران، علماء کرام، اساتذہ اور پولیس اس کے تدارک کو یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈائریکٹوریٹ جنرل محکمہ صحت کے کانفرنس روم پشاور میں تمباکو نوشی، شیشہ، حقہ اور ہر قسم کی منشیات کے تدارک کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کنسلٹنٹ عمیر خان، ڈی ایچ او محمد ادریس، ڈی ایس پی ریاض اللہ خان، پراجیکٹ کوآرڈینیٹر اجمل شاہ، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ کوآڈینیٹر محمد ایاز اور محکمہ تعلیم کے ای ڈی او سخاوت علی شاہ نے شرکت کی۔

خواتین جائیداد میں برابر کی شریک اور اسکا باقاعدہ قانون بھی موجود ہے، شکیلہ دہوار

بی این پی کی جدوجہد کسی سے ڈھکی چھپی نہیں خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کرنا ہراساں کرنا اور وراثت سے محروم رکھنا مکروہ عمل ہے

خواتین کو حق دلانے کیلئے معاشرے کے ہر باشعور طبقے کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے غیرت کے نام پر خواتین کا قتل فرسودہ نظام ہے، ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) ایم پی اے و بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی خواتین سیکرٹری شکیلہ نوید دہوار نے کہا ہے کہ بی این پی کی جدوجہد کسی سے ڈھکی چھپی نہیں خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کرنا ہراساں کرنا اور وراثت سے محروم رکھنا مکروہ عمل ہے خواتین جائیداد میں برابر کی شریک اور اس کا باقاعدہ قانون بھی موجود ہے خواتین کو حق دلانے کیلئے معاشرے کے ہر باشعور طبقے کو اپنا کردار ادا کرنا چاہئے غیرت کے نام پر خواتین کا قتل فرسودہ نظام ہے جام کمال نے اپنے دور حکومت میں مظالم ڈھائے ان کے دور حکومت میں بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسی خاتون رکن اسمبلی پر ایف آئی آر کاٹی گئی بی این پی جام کمال کے ڈھائے گئے مظالم اور انتقامی کارروائیوں کی وجہ سے ان کو ہٹانے میں شامل ہوئی لیکن موجودہ حکومت کی بقیہ نمبر35 صفحہ 3 پر

نوشکی، ڈپٹی کمشنر خرم خالد بلوچ آل پارٹیز اور انتظامی آفیسران کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

آصف علی زرداری بزرگوں کا احترام اور نوجوانوں سے شفقت کرتے ہیں، فیصل کریم کنڈی

بدقسمتی سے عمران خان کی ڈکشنری میں احترام اور شفقت کا کوئی لفظ نہیں، ترجمان پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اور ترجمان پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ آصف علی زرداری بزرگوں کا احترام اور نوجوانوں سے شفقت کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بدقسمتی سے عمران خان کی ڈکشنری میں احترام اور شفقت کا کوئی لفظ نہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ عمران خان کا المیہ یہ ہے کہ وہ اپنے بچوں کو بھی اپنا بچہ نہیں کہتے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کا بیانیہ سائفر اور باجوہ سے ہوتا ہوا محسن نقوی پر ختم ہوا۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ عمران الحسینی ایوبی نے اچانک گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل کا دورہ کیا

اوتھل (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لسبیلہ عمران الحسینی ایوبی نے اچانک گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل کا دورہ کیا گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول میں قائم مڈل اسٹینڈرڈ کے امتحانی مرکز کا بھی معائنہ کیا۔ بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

سوئی ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما وڈیرہ میاں خان موندرانی بگٹی کراچی سے رہا ہوکر اپنے گھر موندرانی ہاؤس پہنچ گئے

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما وڈیرہ میاں خان موندرانی بگٹی کراچی سے رہا ہوکر اپنے گھر موندرانی ہاؤس پہنچ گئے جہاں پر ہزاروں افراد نے ان کا استقبال کیا تفصیلات کے مطابق 20 دن قبل سیاسی کیسز کے بنا پر کراچی پولیس نے سیاسی رہنما وڈیرہ میاں خان موندرانی بگٹی کو گرفتار کیا تھا جس پر بگٹی قبائلی عمائدین نے شدید غصہ کا اظہار بھی کیا تھا کہ ممتاز قبائلی بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

آئندہ کارکردگی کی بنیاد پر تھانیدار تعینات کئے جائیں گے، اسرار احمد عمرانی

افسران کے تھانے کی حدود میں جرائم ہونگے ان کو ہٹایا جائے گا، سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس لسبیلہ

اوتھل (نامہ نگار) سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس لسبیلہ اسرار احمد عمرانی نے کہا ہے کہ آئندہ کارکردگی کی بنیاد پر تھانیدار تعینات کئے جائیں گے۔ جن افسران کے تھانے کی حدود میں جرائم ہوں گے ان کو ہٹایا جائے گا، تمام ایس ایچ اوز اور سی آئی اے انچارج کو ہدایت کردی گی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقے میں جرائم پیشہ افراد پر کڑی نگاہ رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آفس میں سٹی پریس کلب اوتھل کے صدر رخداد بخش خاکتحلیلی شفیق چنہ، عبدالغنی سومرو، جاوید لاسی، عبدالحمید شاہین بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

مچھ، بی این پی کے مرکزی خواتین سیکرٹری و ایم پی اے محترمہ شکیلہ نوید دہوار تنظیمی دورے کے موقع پر مچھ کے گھرانوں سے بات چیت کررہی ہے

چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کی زیر صدارت اجلاس، سینیٹری اسٹاف کو مزید متحرک بنانے سمیت اہم فیصلے کیے گئے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے اور نکاسی آب کو رواں رکھنے کے لیے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار محمد انور قمبرانی کی زیر صدارت اجلاس میں سینٹری اسٹاف کو مزید متحرک بنانے سمیت اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں میونسپل کارپوریشن کے افسر عبدالحلیم چنہ، فوکل بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

بدقسمتی سے مسلم ممالک میں غیرت مند با عمل حکمران نہیں، عبدالحق ہاشمی

سویڈن حکومت کا انتہاء پسند سیاستدان راسموس پالوڈن کو قرآن پاک کی بے حرمتی کیلئے مظاہروں کی اجازت دینا شرمناک اقدام ہے

قرآن پاک کی بے حرمتی کی اجازت دیکر سویڈن حکومت نے ثابت کردیا ہے کہ وہ مسلمانوں کے کھلے دشمن ہیں، صدر ملی یکجہتی کونسل بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صدر ملی یکجہتی کونسل بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی، جنرل سیکرٹری سید مومن شاہ جیلانی، سینئر نائب صدر علامہ سید ہاشم موسوی، نائب صدور ڈاکٹر عطا الرحمان، مولانا انوارالحق حقانی، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، علامہ اکبر حسین زاہدی، رانا محمد اشفاق، سید عتیق الرحمان، مولانا عبدالکبیر شاکر، علامہ مقصود علی ڈومکی، سید مومن شاہ، علامہ حبیب اللہ چشتی قادری، نجیب الرحمان ساسولی نے کہا ہے کہ "سٹاک ہوام" سویڈن میں انتہا پسند سیاست دان راسموس پالوڈن کو حکومت کی جانب سے قرآن پاک کی بے حرمتی کیلئے مظاہروں کی اجازت دینا شرمناک اقدام ہے جس کو آزادی اظہار رائے کی آڑ میں کیا جا رہا ہے۔ قرآن پاک کی بے حرمتی کی اجازت دیکر سویڈن حکومت نے ثابت بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں شاہد آفریدی کرکٹ اکیڈمی کے قیام کے حوالے سے چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

مسلم لیگ (ن) لاہور کا صدر بننے پر سیف الملوک کھوکھر کی رہائشگاہ کھوکھر پیلس میں جشن کا اہتمام

پارٹی رہنماؤں، لیگی کارکنوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، ڈھول کی تھاپ پر گھڑ ڈانس، آتش بازی کا مظاہرہ

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) لاہور کا صدر بننے پر سیف الملوک کھوکھر کی رہائشگاہ کھوکھر پیلس میں پرتپاک جشن کا اہتمام کیا گیا جس میں پارٹی رہنماؤں اور لیگی کارکنوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، تقریب میں ڈھول کی تھاپ پر گھڑ ڈانس اور آتش بازی کا بھی مظاہرہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کھوکھر پیلس میں ہونے والی جشن کی تقریب میں، رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر اور فیصل سیف کھوکھر نے لیگی رہنماؤں اور کارکنان کا استقبال کیا۔

پی ٹی آئی کا قومی اسمبلی سے صفایا۔۔۔۔۔ حنا پرویز بٹ کی قہقہے لگاتے ہوئے تصاویر شیئر

لاہور (این این آئی) سوشل میڈیا پر متحرک رہنے والی پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رہنما حنا پرویز بٹ نے اپنی قہقہہ لگاتی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کی ہے۔ مائیکرو بلاگنگ سائٹ ٹوئٹر پر ن لیگی رہنما نے قومی اسمبلی میں پی ٹی آئی رہنماؤں کے استعفوں کی منظوری پر ردعمل ظاہر بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

سندھ میں ایک سال کے دوران ایچ آئی وی /ایڈز کے 2662 سے زائد کیسز رپورٹ

بلڈ بینکس میں خون کے نمونوں کی سکریننگ کے دوران 245 ایچ آئی وی پازیٹو نکلے

کراچی (این این آئی) سندھ میں ایک سال کے دوران ایچ آئی وی / ایڈز کے 2662 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کمیونٹی کیبل ڈیزیز کنٹرول ایچ آئی وی ایڈز سندھ نے سالانہ کارکردگی رپورٹ جاری کی ہے جس کے مطابق گزشتہ سال (2022) کے دوران صوبے بھر میں 10 لاکھ 39 ہزار 802 افراد کی سکریننگ کی گئی۔ سکریننگ کمیونٹی کیبل ڈیزیز کنٹرول سینٹرز، 26 جیلوں، تھیلیسیمیا وہیموفیلیا مراکز اور میڈیکل کیمپوں سمیت مختلف پوائنٹس پر کی گئی۔ یہ سکریننگ سی ڈی سی سینٹرز، 26 جیلوں، تھیلیسیمیا مراکز، ہیموفیلیا سینٹرز اور میڈیکل کیمپوں سمیت مختلف پوائنٹس پر کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق سکریننگ کے دوران ایچ آئی وی کے 2662 ہیپاٹائٹس بی کے 310 اور ہیپاٹائٹس سی کے ایک ہزار 187 کیسز رپورٹ ہوئے۔ کراچی سمیت سندھ کی 20 جیلوں میں ایچ آئی وی کی تشخیص کیلئے 8 ہزار 811 قیدیوں کی اسکریننگ کی گئی۔

حکومت کا ڈالر کی قیمت کنٹرول کرنے کی بجائے مارکیٹ بیسڈ کرنے فیصلہ

حکومتی فیصلے سے ڈالر کی قیمت بڑھ جائیگی، بلیک مارکیٹ کا خاتمہ ہوگا، ملک بوستان

کراچی (این این آئی) ایکس چینج کمپنیز آف پاکستان کے چیئرمین ملک بوستان نے کہا ہے کہ حکومت نے ڈالر کی قیمت کنٹرول کرنے کے بجائے مارکیٹ بیسڈ کرنے فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ای کیپ کے اجلاس میں حکومت نے ایکسچینج کمپنیز کو ڈالر کو فری فلوٹ کرنے کا گرین سگنل دے دیا، ملک بوستان کے مطابق (آج) بدھ سے مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت طلب و رسد کے مطابق مارکیٹ بیسڈ ہوگی۔ ملک بوستان نے کہا کہ قرض بحالی پروگرام کیلئے ڈالر کو فری فلوٹ کرنا آئی ایم ایف کی لازمی شرط ہے، فیصلے سے ڈالر کی قیمت بڑھ جائے گی مگر بلیک مارکیٹ کا خاتمہ ہوگا۔

کراچی، شوروم کو مکمل ادائیگی پر 30 دن کے اندر گاڑی دینے کا حکم

کراچی (این این آئی) کراچی میں صارف عدالت (کنزیومر کورٹ) نے مکمل ادائیگی کرنے والے شخص کو 30 دن کے اندر گاڑی دینے کا حکم دے دیا۔ صارف بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

تربت، محکمہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ضلع کیچ کی جانب سے خواندگی اور غیر رسمی تعلیم کے حوالے سے ٹریننگ میں شرکت کے بعد شرکاء میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے جا رہے ہیں